مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جنوری 2020ء

روحانی ماہنامہ

تحفہ روحانیات

TR.TV
Ayyaz Muzammil

جنات کی روحانی واردات

اوقات حضیض شمس، چاند گرہن

روحانی علاج کے تین مراحل

چاند گرہن کے مسنون اعمال

مجرب وظائف ہمزاد

نقوش قرآنی، علم حاضرات

اپنے قریبی بکسٹال سے طلب فرمائیں

2020ء

جنتری

انتظار ختم

نمبر لگ گیا!

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

ہر گھر کی ضرورت

قیمت 80 روپے فی شمارہ

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کُن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور حصول انعام

ھدیہ 9200 روپے

جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے ہیں مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا بلکہ محنت کی کمائی انعامی اسکیموں میں لگا کر پھر خالی ہاتھ بیٹھ جاتے ہیں میری ایسے بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنا زائچہ پیدائش بنوائیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ اُن کے زائچہ میں مشتری نحس حالت یعنی نظر مقابلہ تربیع یا نحس قران کے درجات پر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کیلئے انعامی اسکیموں کا سہارا لیتے ہیں پھر بھی انعام اُن کے قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے۔ 12 سال بعد اس خاص موقع پر تیار کی جانیوالی لوح مشتری برائے حصول انعام یقیناً آپکو انعامی دولت سے مالا مال کر دے گی بلکہ آئندہ بھی آپ انعامی اسکیموں میں فاتح ہونگے۔ یہ خاص لوح شرف مشتری کا وقت گزرنے کے بعد تیار نہ کی جا سکے گی کیونکہ 12 سال بعد جو اس لوح کے بنانے میں قوت ہوتی ہے وقت شرف مشتری گزرنے کے بعد وہ قوت اور تاثیر کبھی دوبارہ نہ ملے گی۔

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 15 جنوری 2020ء شمارہ نمبر 07

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر) بابا صدف انبالوی علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی کامران بگش
شہزادہ رضوان حسین شاہ منظور علی سموں زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سید حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
اختتام و آغاز سال کی دعا	03	نقوش قرآنی، علم حاضرات	24
کھلا خط آپ کیلئے	04	لاجواب استخارہ	26
حضرت امام زین العابدینؑ	05	ایام ماہ قمری	27
جنات کی روحانی واردات	09	خوابوں کے اشارے کنائے	29
قیامت تک کی سچی پیشن گوئیاں	11	ایلویرا کی افادیت	31
ستاروں کی چال وظیفہ کا کمال	13	سبزیوں کی افادیت	33
اوقات حضیض شمس، چاند گرہن	15	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	35
روحانی علاج کے تین مراحل	16	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	41
محمدؐ و آل محمدؐ کا فیض	17	روزانہ کے لکی نمبرز	42
وھوالعلی العظیم کا نقش	18	جنوری کے لکی نمبر	43
چاند گرہن کے مسنون اعمال	19	شیڈول انعامی بانڈز 2020ء	45
نقش اسرار صوامت	20	آپ کی ڈاک	46
مجرب وظائف ہمزاد	22	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 80 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

آفس
سالانہ نمبر شپ 960/- روپے مع ڈاک خرچ

ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

جمادی الاول، زکات سورۃ مزمل

قارئین تحفہ روحانیات! چاند نظر آتے ہی دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ہدیہ نبی کریم اور پھر آخر میں دو رکعت نماز نفل برائے تصرف کل روحانیت سورۃ مزمل ادا کریں۔ اب نو چندا اتوار وقت نماز تہجد 92 بار درود مزمل کا ورد کریں۔ 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں یہ ورد 12 ربیع الول تک روزانہ بوقت تہجد ادا کریں۔ چاہے شمار میں جتنے بھی دن آئیں اس زکات میں دنوں کی گنتی کا شمار نہیں کبھی تو زکات میں تین دن آجاتے ہیں اور کبھی 7 یا 8 دن بھی مل جاتے ہیں۔ بعد ادائیگی زکات کے سورۃ مزمل روزانہ 3 بار اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔

کسی بھی شہر میں رسالہ نہ ملنے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0300-6368746　ادارہ روحانیات

دعا اختتام سال

اَللّٰھُمَّ مَاعَمِلْتُ فِی السَّنَۃِ مِمَا نَھَیْتَنِی عَنْہُ وَلَمْ اَتُبْ مِنْہُ وَحَلِمْتَ فِیْھَا بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَدَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِیْ عَلٰی بِفَضْلِکَ بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَدَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِیْ عَلٰی مَعْصِیَتِکَ فَانِیْ اَسْتَغْفِرُکَ فَاغْفِرْلِیْ وَمَا عَمِلْتُ فِیْھَا تَرْضَاہُ وَعَدْتَنِیْ عَلَیْہِ الثَّوَابَ فَاسْئَلُکَ اَنْ تَتَقَبَّلَہٗ مِنِّیْ وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِیْ مِنْکَ یَا کَرِیْمُ۔

ترجمہ: ۔اے اللہ! اس سال جو میں نے تیری نافرمانی کی اور اُن بداعمالیوں سے اب تک توبہ نہ کی اس کے باجود میرے قابل سزا ہونے پر بھی تیری رحمت فضل وکرم مجھ پر جاری رہا اور سب کچھ جانتے ہوئے بھی تو نے مجھے توبہ کی طرف مائل کیا اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔اے اللہ میں نے اس سال جتنے بھی نیک کام کئے تیری رضا کیلئے کئے اور جن پر تو نے انعام واکرام کا وعدہ فرمایا۔اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ اُن نیک اعمال کا بدلہ تو ہی دینے والا ہے اے کریم میری اس اُمید کو جو تیری ذات سے وابستہ ہے کبھی منقطع نہ کرنا۔

دعا آغاز سال

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اِلَا بَدِیُ اَلْقَدِیْمُ الْاَ وَعَلٰی فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ وَکَرَمِ جُوْدِکَ الْمَزِیْدِ وَھٰذَا عَامٌ جَدِیْدٌ قَدْ اَقْبَلَ اَسْئَلُ الْعِصْمَۃَ فِیْہِ مِنَ الشَّیْطَانِ وَاَوْلِیَائِہٖ وَالْعَوْنَ عَلٰی ھٰذَا النَّفْسِ الْاَ مَارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاَ شْتِغَالِ بِمَا یَمْتُرُ بُنِیْ اِلَیْکَ زُلْفٰی یَاذَوْالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ: ۔اے اللہ! آپ کی ذات ازلی ابدی اور اول ہے۔اپنے عظیم فضل قابل بھروسہ بخشش اور کرم کے ساتھ تو قائم ودائم ہے۔اے اللہ یہ نیا سال آن پہنچا ہے اس نئے سال کے اندر شیطان اور اس کے مددگاروں سے مجھے نجات دلا اور برائیوں کے خلاف برانگیختہ کرنے والے اپنے اس نفس کے خلاف میری مدد فرما اور میری مدد فرما ایسے اعمال میں مشغولیت کی جو میرے مرتبہ کو آپ کی ذات کے قریب کردے اے اللہ تیری بزرگی اور کرم ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

(نوٹ) ان دونوں دعاؤں کو اختتام سال اور آغاز سال سے قبل تین تین بار پڑھیں۔ان بابرکت دعاؤں کی بدولت پورا سال پریشانی مصیبت آفات بلیات اور دکھوں سے نجات ملتی ہے۔

پیارے قارئین کرام السلام علیکم! آپ کی خدمت میں منزل روحانی جنتری 2020ء پیش کی گئی۔ الحمدللہ! منزل روحانی جنتری فرقہ وارانہ اور مذہبی تعصب اور منافرت سے پاک ہے۔ اسے پاکستان کے اہل تشیع، اہل سنت والجماعت نے یکساں پسند فرمایا منزل روحانی جنتری 2020ء میں انتہائے، ابتدائے سال کی دُعا، درود منزل، سورہ منزل کے بعد سورہ منزل کے مجرب اعمال کا ایسا ذخیرہ موجود ہے جو کہ کسی دوسری جنتری یا روحانی رسالہ میں نہ ملے گا۔ اہم سیاسی پیشن گوئیاں ملکی و بین الاقوامی سیاسی حالات پر زائچہ نجوم کی روشنی میں تبصرہ، نوروز عالم افروز کی اہمیت افادیت کو خاص طور سے شائع کیا گیا ہے۔ جنتری کا اصل مقصد و تقاویم (کیلنڈر) کا جاننا ہے۔ جس میں عیسوی، بکرمی، شاکا، ہجری تقویم سمیت ترتیب ایام سال، پنچھتر، داخلہ قمر در بروج، منازل قمر، سعد و نحس ایام، اہم تاریخی واقعات، مذہبی تہوار، عرس کی تواریخ، اہم سرکاری و نیم سرکاری تعطیلات، اہم اسلامی تہوار ائمہ کرام کی ولادت، شہادت وصال سے متعلق معلومات شامل ہیں۔

اچھی اور میعاری جنتری کی نشانی جنتری کے معنی و مقاصد تقاویم اور سیارگان کی رفتار، نشست در بروج، نظرات، درجات، شرفات، اوج، حضیض و ہبوط، کسوف و خسوف کا جاننا ہے۔ نا کہ جنتری میں اعمال کی بھرمار یا خودستائی یا اس قسم کی معلومات جن کی عام قاری کی دلچسپی نہ ہو شائع کرنا۔ منزل روحانی جنتری 2020ء میں اس بات کو خاص اہمیت دی گئی ہے کہ آپ اپنے روزمرہ کے معاملات مثلاً اہم امور، محبوب سے ملاقات یا پیغام محبت، آغاز سفر، آغاز چلہ کشی، جائیداد خریدنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، جائیداد فروخت کرنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، ملازم رکھنا، مقدمہ کی ابتداء، آپریشن کروانا، قرض دینا، قرض لینا، بچے کا نام رکھنا، بچے کی ختنہ کرنا، بچے کا عقیقہ کرنا، اسکول داخل کروانا، خوشی کی رسم کرنا، کونسا رنگ اور لباس کس طرح استعمال کریں یا کس برج کیلئے کونسا رنگ موزوں ہے، آپکے لئے کونسا پتھر یا نگینہ فائدہ مند رہیگا یا کونسا پتھر اور نگینہ نقصان دہ ہوسکتا ہے، نکاح یا شادی کروانا ہو تو کس ماہ کی کونسی تاریخ نکاح یا شادی کیلئے مناسب یا مبارک ثابت ہوگی، نحوستوں پریشانی سے بچنے کیلئے آپکے برج کا کونسا صدقہ بنتا ہے اور کس طرح یہ صدقہ دیں اس کی مکمل تفصیلات جنتری ہذا میں شامل ہے۔

صاحب روحانیات یا نجم یا عاملین منزل روحانی جنتری کو بہت اچھے انداز سے سمجھ سکتے ہیں کیونکہ جنتری کے آخر میں نجوم کی باریکیاں قمری نظرات، کیفیت سیارگان، رجعت استقامت، داخلہ خروج سیارگان، قمر در عقرب، ہبوط قمر، شرف قمر اور اہم نظرات سیارگان شائع کئے گئے ہیں۔

منزل روحانی جنتری کا سال بھر شائقین روحانیت کو انتظار اس لئے بھی رہتا ہے کہ جنتری ہذا میں 50 یا 100 سالہ تواریخ اہم سیارگان زحل، مشتری، مریخ، شرفات، اوج حضیض، ہبوط شائع کئے جاتے ہیں۔ یہ اعزاز دُنیا بھر میں کسی دوسری جنتری کو حاصل نہ ہے۔

عوامی مقبولیت میں اضافہ منزل روحانی جنتری کے متذکرہ بالا خاص مضامین کی وجہ سے ہوا اور یہ سلسل بدستور جاری ہے کہ اہل علم دیگر جنتریوں کی نسبت منزل روحانی جنتری کو اہمیت دیتے ہیں۔

عام قاری کیلئے منزل روحانی جنتری میں خاص طور سے آپ کے برج سے متعلق سالانہ حالات ہفتہ وار شائع کئے گئے ہیں جو کہ عوام میں بہت زیادہ شہرت رکھتے ہیں کہ جنتری ہذا میں شائع کردہ سالانہ حالات درست طور پر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ سال بھر کے لکی نمبر خاص کلیہ جات کی مدد سے حکومتی پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی کے درجہ اول اور دوئم کے نمبرات کا استخراج کرنا تا کہ خاص کے علاوہ عام آدمی بھی منزل روحانی جنتری سے استفادہ کر سکے۔ منزل روحانی جنتری میں اس بات پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے کہ جنتری کا کاغذ اور میعار اعلیٰ ہو بہت عام فہم زبان میں کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ قارئین کو منزل روحانی جنتری کا شدت سے انتظار رہتا ہے اگر عام طرز طریقہ سے جنتری ہذا کو تیار کرنا ہوتا تو دیگر جنتریوں کی طرح سال نو کے آغاز سے کئی ماہ قبل منزل روحانی جنتری مارکیٹ میں پیش کر دی جاتی۔ **دعا گو** محمد ایاز منزل حمیدی شاہ

ولادت با سعادت

حضرت امام زین العابدینؑ

۱۵ جمادی الاول 1441ھ بمطابق 11 جنوری 2020ء بروز ہفتہ

تحریر
سید شبیہہ الحسنین رضوی
کاشانہ الحسینی (کراچی)

کنیت اور لقب :۔امام علی بن حسین علیہ السلام چوتھے امام ہیں۔آپ کی کنیت ابو محمدؑ ابوالحسن اور ابو بکر ہے۔ان کا لقب سجاد اور زین العابدین ہے۔

ولادت با سعادت :۔امام علی بن حسین علیہ السلام کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہر عابدہ کا اسم گرای شہر بانو ہے۔

گلے میں طوق اور پاؤں میں زنجیر :۔امام زہری نے کہا کہ میں نے امام علی بن حسین علیہ السلام کو دیکھا کہ عبدالملک بن مروان کے حکم سے ان کے پاؤں باندھے گئے۔ہاتھوں میں زنجیریں اور گردن میں طوق ڈالے گئے اور پھر ان پر نگران مقرر کئے گئے۔میں نے انہیں سلام کرنے کی اجازت طلب کی تو آپ اس وقت ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے۔

میں نے جب آپ کا یہ حال دیکھا تو زار و قطار رویا اور کہا کہ ''کیا ہی بہتر ہوتا کہ اگر آپ کی جگہ مجھے باندھا جاتا اور آپ سلامت رہتے''۔

امام علی بن حسین علیہ السلام نے فرمایا: ''اے زہری! تو یہ خیال کرتا ہے کہ ان زنجیروں اور طوق سے میں تکلیف میں ہوں۔اگر میں چاہوں تو یہ فوراً اتر جائیں مگر ایسی نشانیاں رہنی چاہئیں تا کہ تم خوف خداوندی کو دامن گیر رکھو اور حشر کے روز تم پر تکلیف نہ ہو''۔

ازاں بعد آپ نے زنجیر کو اپنے ہاتھوں سے اتار دیا اور پاؤں کو پھندے سے آزاد کر لیا۔پھر فرمایا:

''اے زہری! میں ان کے ساتھ اس حال میں دو منزلوں سے زیادہ نہ جاؤں گا''۔

جب چار دن گزرے تو آپ کی پاسبانی کرنے والے، مدینہ منورہ واپس چلے گئے۔پھر آپ کو مدینہ بلاتے رہے لیکن آپ انہیں نہ مل سکے۔ان میں بعض نے ایسے بیان کیا ہم ایک جگہ مقیم تھے اور آپ کی شدت سے پاسبانی کر رہے تھے صبح ہوئی تو محل میں سے آپ غائب تھے۔

دبدبہ حسینی :۔امام زہری نے بیان کیا کہ ازاں بعد میں عبدالملک بن مروان کے ہاں گیا تو اس نے مجھ سے امام زین العابدین علیہ السلام کا حال پوچھا مجھے جو یاد تھا وہ میں نے بیان کر دیا۔

عبدالملک نے کہا: ''جس وقت میرے گماشتوں نے انہیں گم کر دیا تو وہ میرے ہاں آ کر کہنے لگے کہ میرے اور تمہارے مابین کوئی چیز حائل ہوئی ہے''۔

میں نے کہا: ''ذرا ٹھہریئے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''میں ٹھہرنے کو تیار نہیں ہوں''۔

ازاں بعد آپ باہر تشریف لے گئے اور میں قسم بخدا آپ کے رعب و جلال سے خوف زدہ ہو گیا۔

وصال مبارک :۔

امام زہری جب بھی کبھی امام زین العابدین علیہ السلام کا تذکرہ کرتے تو زار و قطار روتے اور کہتے کہ:

''وہ واقعی زین العابدین ہیں جو ایران کے شہنشاہ یزدگرد کی بیٹی سے تولد ہیں۔یزدگرد نوشیروان عادل کی اولاد میں سے تھا''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے 18 محرم الحرام 94 ہجری میں وصال فرمایا اور بعض راویوں نے وصال شریف 95ھ لکھا ہے۔

''زین العابدین'' کی وجہ تسمیہ :۔آپ کیا اسم زین العابدین کے معروف ہونے کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آپ ایک شب نماز تہجد میں مشغول تھے کہ شیطان ایک سانپ کی شکل میں نمودار ہوا تا کہ اس ڈراؤنی شکل سے آپ کو عبادت سے باز رکھ کر عیش و نشاط میں مشغول کر دے۔آپ نے اس کی طرف توجہ نہ فرمائی یہاں تک کہ سانپ نے آپ کے پاؤں کا انگوٹھا اپنے منہ میں ڈال لیا لیکن آپ پھر بھی اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔

سانپ نے آپ کے انگوٹھے کو اس سختی سے کاٹا کہ آپ کو درد ہوا۔آپ نے پھر بھی سانپ کی طرف توجہ نہ کی۔

آپ پر اللہ تعالیٰ نے انکشاف فرمایا کہ وہ شیطان ہے۔آپ نے اس بری طرح زدوکوب کیا اور پھر فرمایا:

''اے ذلیل وخوار اور کمینے۔ یہاں سے دور ہو جا''۔ جب سانپ چلا گیا تو آپ کھڑے ہو گئے تا کہ درد میں افاقہ ہو جائے۔ پھر آپ کو ایک آواز سنائی دی لیکن بولنے والا نظر نہ آیا۔

کہنے والے نے کہا: ''آپ زین العابدین ہیں۔ آپ زین العابدین ہیں۔ آپ زین العابدین ہیں''۔

حالتِ وضو میں کپکپی طاری ہونا :۔

امام زین العابدین علیہ السلام وضو فرماتے تو آپ کا چہرہ زرد ہو جاتا اور جسم میں کپکپی پیدا ہو جاتی۔

جب آپ سے اس کا سبب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔

''تم جانتے ہو کہ کس کے حضور میں پیش ہونا ہے؟

دنیا کی آگ سے نہ ڈر :۔ ایک مرتبہ امام زین العابدین علیہ السلام اپنے مکان پر نماز پڑھ رہے تھے کہ مکان کو آگ لگ گئی۔ آپ سجدہ ہی میں پڑے رہے۔ لوگوں نے بہت شور مچایا کہ: 'اے رسول اللہ کے بیٹے! اے رسول اللہ کے بیٹے! آگ لگ گئی آگ لگ گئی''۔

پھر بھی آپ نے سر سجدہ سے نہ اٹھایا۔ جب آگ ٹھنڈی ہو گئی تو آپ سے دریافت کیا گیا: ''آپ آگ سے خاموش کیوں رہے؟''

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''محشر کی آگ کے خوف سے یہ آگ بھول گیا''۔

حضرت خضر علیہ السلام کا راز کی باتیں کرنا :۔ ایک معتبر راوی نے روایت کی کہ ایک روز میں امام زین العابدین علیہ السلام کے ہاں گیا۔ میں نے خیال کیا کہ میں آواز دوں میں مکان کے باہر بیٹھا رہا یہاں تک کہ آپ باہر تشریف لے آئے۔ میں نے آپ کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ آپ نے جواباً وعلیکم السلام فرمایا۔ پھر ایک دیوار کے قریب آ کر فرمایا: ''اے فلاں! اس دیوار کو دیکھا ہے۔

اس شخص نے کہا: ''ہاں! دیکھا ہے اے رسول اللہ کے بیٹے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

''میں ایک روز اس دیوار کے ساتھ تکیہ لگا کر حالت افسردگی میں بیٹھا تھا کہ میں نے اچانک ایک خوبرو آدمی کو دیکھا جو سامنے کھڑے ہو کر کہہ رہے تھے۔ اے علی بن حسین! میں تجھے افسردہ دیکھ رہا ہوں۔ اگر دنیا کے لئے افسردگی ہے تو دنیا ایک روزی ہے جسے ہر نیک و بد کھاتا ہے''۔

اس شخص نے کہا۔ ''میرا دکھ درد دنیا کے لئے نہیں ہے کیونکہ دنیا کا معاملہ ایسا ہے جیسا کہ آپ نے کہا ہے''۔

پھر آپ نے فرمایا: ''اگر تمہارا افسردہ ہونا آخرت کے لئے ہے تو وہ ایک سچا وعدہ ہے جس میں ایک قاہر شہنشاہ فیصلہ فرمائے گا''۔

وہ شخص بولا۔ ''میرا افسردہ ہونا اس وجہ سے نہیں ہے آخرت تو ویسی ہو گی جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے۔ آپ کی افسردگی کی وجہ کیا ہے؟''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا!

''میں فتنہ ابن زبیر سے خوف زدہ ہوں''۔

اس شخص نے کہا: ''اے علی! کیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز طلب کی ہو اور اسے نہ ملی ہو''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں''۔

اس شخص نے پھر کہا: 'کیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جو خوف الٰہی رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ نے اس کے کام میں کمی کی ہو''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں''۔

اس کے بعد وہ شخص آنکھوں سے غائب ہو گیا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ شخص حضرت خضر علیہ السلام تھے جو آپ سے راز کی باتیں کر رہے تھے۔

چڑیوں کا تسبیح پڑھنا :۔ ایک راوی سے مروی ہے کہ میں ایک روز امام علی بن حسین علیہ السلام کے ہاں تھا کہ آپ کے اردگرد بہت سی چڑیاں مذبح بنائی جا رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا: ''اے فلاں! تمہیں معلوم ہے کہ یہ چڑیاں کیا کہہ رہی ہیں؟''

اس شخص نے کہا: ''حضور۔ میں کچھ علم نہیں رکھتا''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ چڑیاں اپنے رب کی تسبیح پڑھ رہی ہیں اور آپ کے لئے روزی نہیں مانگتیں''۔ زاہد دنیا کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شب ایک سائل یہ کہہ رہا تھا کہ: ''وہ زاہد دنیا کہاں ہیں جو آخرت کی رغبت رکھتے ہیں''۔

ازاں بعد جنت البقیع کی جانب سے ایک نادیدہ شخص کی آواز سنائی دی کہ: ''وہ زاہد' علی بن حسین علیہ السلام ہیں''۔

ہرن کا آپ کے ساتھ کھانا کھانا :۔ایک دن کا ذکر ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام اپنے غلاموں' بچوں اور دیگر رفقاء کے ہمراہ جنگل میں گئے اور چاشت کے کھانے کے لئے دسترخوان بچھا دیا' دیکھتے دیکھتے وہاں ایک ہرن آ کر ساکت ہوگیا۔آپ نے اس کی طرف چہرہ کر کے کہا: ''میں علی بن حسین بن علی ابی طالب ہوں اور میری والدہ محترمہ فاطمہ علیہ السلام بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔آؤ اور ہمارے ساتھ چاشت کا کھانا کھاؤ''۔ ہرن آیا اور اس نے کچھ کھانا کھایا پھر صحرا کی جانب واپس چلا گیا۔غلاموں میں سے ایک نے آپ کی خدمت میں عرض کیا: یا امام ہرن کو دوبارہ بلایئے۔امام زین العابدین نے فرمایا: ''ہم اسے پناہ دیں گے تم اسے مت چھیڑنا''۔اس نے عرض کیا: ''حضور ہم اسے ہرگز نہیں چھیڑیں گے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''اے ہرن! میں علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ہوں میری والدہ محترمہ رسول اللہ کی بیٹی ہیں''۔وہ یہ سن کر پھر آ گیا اور دسترخوان کے قریب ٹھہر گیا اور آپ کے ہمراہ کچھ کھانا شروع کر دیا۔ان اصحاب میں سے کسی نے ہرن کی پشت پر دست دراز کیا تو ہرن بھاگ گیا ۔پھر امام زین العابدین نے فرمایا: ''تم نے میری پناہ کو سلامت نہیں رہنے دیا۔اب میں تم سے کسی قسم کی بات نہ کروں گا''۔

اونٹنی کی کاہلی دور فرمانا :۔ایک روز کا ذکر ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کی اونٹنی چلتے چلتے راستہ میں کاہلی کرنے لگی۔آپ نے اسے عصا دکھا کر کہا۔''تیز چلو ورنہ اس عصا سے تمہاری مرمت کی جائے گی''۔اونٹنی نے آپ کی یہ ڈانٹ سن کر تیز چلنا شروع کر دیا اور ازاں بعد رفتار میں کبھی کاہلی نہ کی۔

ہرنی کا بارگاہ امام علیہ السلام میں فریاد کرنا :۔ایک روز امام زین العابدین علیہ السلام اپنے رفقاء کے ہمراہ جنگل میں تشریف فرما تھے کہ اچانک ایک ہرنی آئی اور آپ کے سامنے کھڑی ہو کر اپنا پاؤں زمین پر مار کر زار و قطار چیخنے لگی۔آپ کے رفقاء نے آپ سے دریافت کیا: ''اے ابن رسول اللہ! یہ ہرنی کیا کہتی ہے؟'' امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''ہرنی کہتی ہے کہ کل فلاں قریشی میرا بچہ اٹھا لایا ہے اور میں نے کل سے بچہ کو دودھ نہیں پلایا''۔یہ سن کر بعض رفقاء کے دل میں شک پیدا ہوا۔آپ نے اس قریشی کو بلایا۔وہ آ گیا تو امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ ہرنی شکایت کر رہی ہے کہ تم نے اس کا بچہ اٹھا لیا ہے اس نے ابھی اسے دودھ بھی نہیں پلایا۔اب اس نے مجھ سے درخواست کی ہے کہ میں تجھے کہوں کہ تو اس کا بچہ واپس دے دے تا کہ یہ اسے دودھ پلا لے۔پھر بچہ کو دودھ پلانے کے بعد تجھے بچہ واپس لوٹا دے گی۔قریشی نے آپ کی بات مانتے ہوئے بچہ لا کر حاضر کر دیا۔ہرنی نے بچہ کو دودھ پلایا تو آپ نے قریشی سے کہا کہ وہ بچہ کو آزاد کر دے۔قریشی نے آپ کے کہنے پر بچہ کو آزاد کر دیا اور آپ نے دونوں یعنی ہرنی اور اس کے بچہ کو آزاد کر دیا۔وہ اچھلتی کودتی خوشی سے واپس چلی گئی۔ازاں بعد آپ کے رفقاء نے آپ سے دریافت کیا: ''یا ابن رسول اللہ! اب یہ ہرنی کیا کہتی ہے؟'' امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''وہ تمہیں جاتے ہوئے بہت دعاؤں سے یاد کرتی تھی''۔

آخری وقت سے مطلع فرمانا :۔جس شب امام زین العابدین علیہ السلام نے وصال فرمایا' آپ نے اپنے صاحب زادے امام محمد باقر علیہ السلام سے فرمایا: ''صاحب زادے! میرے لئے وضو کے لئے پانی لاؤ''۔وہ پانی لائے تو وہ پانی ٹھیک نہیں تھا یعنی اس میں چوہا مرا ہوا تھا اور اندھیری رات تھی اس لئے اچھی طرح دیکھ نہ سکے۔پھر آپ کے لئے مزید پانی لایا گیا جس سے آپ نے وضو کر کے فرمایا: ''اے میرے فرزند! آج میرا وقت وصال ہے''۔ازاں بعد اپنے فرزند کو کچھ وصیتیں کیں۔

امام زین العابدین کے فراق میں اونٹنی کی موت :۔امام زین العابدین علیہ السلام کی ایک اونٹنی تھی جو کہ معظمہ جاتی تو آپ اس کے پالان کے آگے چابک لٹکا دیتے۔اس لئے تمام راستہ اسے چھڑی بھی مارنی نہ پڑتی اور آنے جانے میں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ ہوتا ۔جب آپ کا وصال شریف ہوا تو وہ اونٹنی آپ کی قبر کے سرہانے آ کر اپنی چھاتی زمین پر رکھ کر آہ و زاری کرتی۔ امام باقر علیہ السلام نے اسے اس حالت میں دیکھ کر فرمایا: ''اے ناقہ! اُٹھ اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے''۔اونٹنی نہ اٹھی تو امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''اسے چھوڑ دو۔وہ جا رہی ہے''۔ازاں بعد وہ اونٹنی تین دن زندہ رہ کر پھر موت کا مزہ چکھ گئی۔

حجر اسود کا فیصلہ کرنا :۔امام عالی مقام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد محمد بن حنیفہ زین العابدین علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا: ''اے بیٹا! میں تمہارا چچا ہوں اور تم سے عمر میں بھی بڑا ہوں اس لئے امامت کا اولین حق میرا ہے۔اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جنگی اوزار بھی

دے دیں"۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے کہا: "اے میرے عم محترم! خدا سے ڈرو اور جس چیز کے تم اہل نہیں ہو اس کا دعویٰ نہ کرو"۔ ازاں بعد پھر محمد بن حنفیہ نے یہی کہا تو امام زین العابدین نے کہا: "اے میرے عم (چچا) محترم! آؤ حاکم کے پاس چلیں جو وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے وہ بہتر ہوگا"۔ محمد بن حنفیہ نے کہا: "وہ کونسا حاکم ہے جو ہمارا فیصلہ کرے گا"۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے کہا: "وہ فیصلہ کرنے والا حاکم حجر اسود ہے"۔ جب دونوں صاحب وہاں پہنچے تو امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے عم محترم سے کہا! "اے عم محترم! اس سے بات کرو"۔ حضرت محمد بن حنفیہ نے حجر اسود سے بات کی مگر کوئی جواب نہ ملا۔ پھر امام زین العابدین علیہ السلام نے بارگاہِ الٰہی میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے اور ذات باری تعالیٰ جل جلالہٗ الکریم کو اس کے صفاتی اسماء سے یاد کیا تو حجر اسود گفتگو کرنے لگا۔ تب آپ نے اپنا چہرہ حجر اسود کی جانب کر کے کہا: "تجھے اس رب کی قسم ہے جس نے اپنے بندوں کے وعدے تجھ پر رکھے ہوئے ہیں ہمیں اس بات سے مطلع کرو کہ امام حسین علیہ السلام کے بعد امام اور نابالغ کی سرپرستی کا حق کسے حاصل ہے؟" حجر اسود آپ کی یہ بات سن کر کانپ اٹھا۔ قریب تھا کہ اپنی جگہ سے گر پڑتا لیکن نہایت فصیح و بلیغ زبان میں گویا ہوا: "اے محمد بن حنفیہ! یہ چیز مسلمہ ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے بعد امامت کا حقدار علی بن حسین علیہ السلام ہی ہے"

امام پاک علیہ السلام کا دو افراد کو نجات دلوانا :۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ دوران طواف ایک عورت اور ایک مرد کا ہاتھ حجر اسود سے چمٹ گیا۔ ہر طرح سے چھڑانے کی سعی کی گئی لیکن وہ چمٹے رہے لوگوں نے یہ حال دیکھ کر مشورہ دیا کہ ان کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں۔ دیکھتے ہی دیکھتے آپ وہاں آ نکلے اور انہیں دیکھ کر آگے آ گئے۔ آپ نے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر پھیرا تو ان کے ہاتھوں کو رہائی مل گئی۔ پھر وہ دونوں وہاں سے چلے گئے۔

ملک کو سلامتی بخشنا :۔ ازاں بعد عبدالملک بن مروان نے حجاج بن یوسف کو ایک نامہ لکھ کر ہدایت کی کہ وہ بنو عبدالمطلب کے قتل سے منہ موڑ لے کیونکہ آل ابی سفیان اس بارے میں خیال کرتی ہے کہ بنو امیہ کی حکومت بہت جلد ختم ہو جائے گی عبدالملک نے یہ نامہ پڑھ کر ارسال کیا جس سے امام زین العابدین علیہ السلام کو آگاہ کیا گیا۔ آپ نے عبدالملک بن مروان کو تحریر کیا کہ تم نے فلاں روز اور فلاں وقت حجاج بن یوسف کو کسی قسم کا خط تحریر کیا تھا۔ مجھے خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلع فرمایا ہے کہ وہ خط اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ جس کے سبب سے تیرے ملک کو اس نے سلامتی بخشی ہے۔ آپ نے وہی عبارت تحریر کر کے نامہ ایک غلام کو دیا اور اسے اپنی اونٹنی پر سوار کر کے عبدالملک کی جانب روانہ کیا۔ عبدالملک نے خط کی تحریر کو اپنے خط کے مطابق پایا تو اسے آپ کے حق پر ہونے کا اعتبار آ گیا۔ بہت مسرور ہوا اور اسی اونٹنی پر اتنے درہم و دینار لاد کر آپ کو بھیج دیئے جن کی وہ بردبار ہو سکتی تھی۔

امام پاک کا دشمن کے حق میں بددعا کرنا :۔

ایک شخص منہال بن عمرو نامی نے کہا کہ ایام حج میں میں امام زین العابدین علیہ السلام کو ملنے گیا تو آپ نے مجھ سے ایک شخص کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے عرض کیا میرے آقا وہ تو کوفہ میں موجود ہے۔ پھر آپ نے اس کے حق میں مندرجہ ذیل الفاظ سے بددعا کی: "اے اللہ اسے لوہے کی حرارت سے جلا دے اسے اللہ اسے نار کی حرارت سے جلا دے"۔ جب میں کوفہ میں واپس آیا تو معلوم ہوا کہ مختار بن ابی عبید بغاوت کر چکا ہے۔ میں نے اس سے تعلقات استوار کئے اور اس کی ملاقات کے لئے گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ جب اس کے پاس پہنچا تو وہ بھی گھوڑے پر سوار ہو رہا تھا۔ میں اس کے ہمراہ ایک ایسی مقام پر پہنچا جہاں اس نے ایک شخص کا انتظار کرنا شروع کر دیا۔ اچانک اس شخص کو بلوایا گیا جس کیلئے بددعا کی تھی۔ مختار نے کہا: "الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے تم پر حاوی کیا ہے"۔ اس نے جلاد کو بلایا تا کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ ڈالے۔ ازاں بعد اس نے آگ لانے کو کہا جس میں اسکو پھینک دیا گیا اور وہ جل گیا۔ میں نے جب اس واقعہ کو دیکھا تو اللہ کی پاکی بیان کی۔ مختار نے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کا سبب پوچھا تو میں نے امام زین العابدین علیہ السلام کی بددعا کا قصہ بیان کیا۔ اس نے مجھے قسم دے کر اس کی تصدیق چاہی۔ میں نے کہا: "ہاں میں نے خود سنا ہے"۔ مختار گھوڑے سے نیچے اترا اور دو رکعت نماز نفل ادا کی اور اس کے بعد دیر تک سر بسجود رہا۔ سر سجدہ سے اٹھا کر وہاں سے چل دیا۔ میں بھی ان کے ہمراہ چل دیا۔ راستے میں میرا مکان تھا۔ میں نے مخلصانہ انداز میں اسے گھر آنے کے لئے دعوت دی تا کہ کھانا پیش کروں۔ مختار نے کہا: "اے منہال! جب کہ تو نے مجھے خود مطلع کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے امام زین العابدین علیہ السلام کی دعا کو قبول کر لیا ہے۔ تو پھر مجھے کچھ کھانے کے لئے کیوں کہتا ہے میں تو آج شکریہ کا روزہ رکھوں گا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی توفیق دی ہے"۔

قسط 63 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین کرام جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ گزشتہ اقساط ''روحانی مشاہدات'' میں ایک ڈاکٹر صاحب کا واقعہ شائع کیا جارہا ہے اسے قارئین نے بے حد پسند کیا جارہا ہے اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے ہوئے جنوری 2020ء کے صفحات پر قارئین کیلئے پیش کی جارہی ہے۔

سورہ مبارکہ کا پانی چھڑکنے کے بعد حجرہ خاص میں مراقبہ کے ذریعے یہ بات علم میں آئی کہ سرکش جنات مزید سرکشی کر سکتے ہیں اور کسی بھی قسم کا جانی یا مالی نقصان دے سکتے ہیں لہذا فوری طور پر پورے گھر کو حصار میں کیا گیا کہ کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہ ہو۔

محترم قارئین! ہدایت کے مطابق ڈاکٹر صاحب کے گھر والوں نے ورد کیا گیا پانی کو چھڑکنا شروع کیا۔ جیسا کہ پہلے بھی بتایا جاچکا ہے کہ پانی چھڑکنے کے بعد جنات کی سرکشی شروع ہوگئی اور مراقبہ کے ذریعے یہ سرکش ہو کر جانی یا مالی نقصان کر سکتے ہیں پھر ایسا ہی ہوا کہ اگلے روز گھر کے اسٹور میں رکھے ہوئے سامان میں اچانک آگ لگ گئی۔ علی الصبح ان کی جانب سے فون آیا کہ ہمارے گھر میں نقصان ہونا شروع ہوگیا ہے جنات نے اسٹور میں آگ لگادی۔ اور کچھ سامان جلا دیا ابھی وظائف کی ترتیب دی جارہی تھی کہ گھر کو ان شریر اور سرکش جنات سے کس طرح محفوظ کیا جائے۔ کچھ دیر بات فون پر اطلاع ملی کہ گھر کے دوسرے حصوں میں بھی آگ لگنا شروع ہوگئی ہے، اہل خانہ انتہائی خوفزدہ تھے ظاہری بات ہے کہ ایسے انہوں نے واقعات پہلے کبھی نہ دیکھے نہ سنے تھے مراقبہ میں پتہ چلا کہ گھر پر حصار آبی کیا جائے۔ گھر کے چاروں کونوں میں پانی چھڑکا جاتا ہے اور سورہ مزمل کے پیالوں میں پانی بھر کر رکھا جاتا ہے۔

جس جگہ آگ لگی اس مقام پر بھی پانی چھڑکا جاتا ہے چنانچہ اس پانی پر سورہ الفلق والناس 21 بار پڑھنے کے بعد 21 بار سورہ مزمل کا ورد کیا گیا یہ پانی بوتل میں ڈال کر گھر میں چھڑکا گیا اس پانی کو سورہ مزمل کے چار پیالوں میں ڈال کر چاروں کونوں میں رکھیں یہی معجزاتی پانی لگی ہوئی آگ بجھا سکتا ہے لہذا انہوں نے ایسا ہی کیا تو چند لمحوں بار آگ بجھ گئی لیکن گھر میں خوف اور دہشت کا ماحول طاری تھا ڈاکٹر صاحب کی ضد تھی کہ حضرت آپ کچھ دیر کیلئے تشریف لائیں اور اس بگڑے ہوئے حالات پر قابو پائیں ورنہ ہم یہ گھر چھوڑ کر چلے جاتے ہیں کیونکہ ہمیں نہیں لگتا کہ ہمارا اس گھر میں اب قیام سلامتی کے ساتھ ہوگا بچے اور بڑے سب پریشان ہیں۔

سورہ الفلق اور سورۃ الناس پانی ملنے کے بعد بھی وہ مطمئن نہ تھے بضد رہے کہ حضرت آپ خود ہمارے گھر تشریف لائیں ان حالات کو سنبھالیں ورنہ ہم اس گھر کو چھوڑ کر جارہے ہیں کیونکہ ان کا مقابلہ ہم نہیں کر سکتے۔

لہذا ان کے گھر جانا پڑا دیکھا تو سب لوگ خوفزدہ تھے ایک کمرے میں خوف زدہ بیٹھے تھے ان کی حالت کو دیکھتے ہوئے دو رکعت نماز نفل برائے حاجت ادا کی کچھ دیر کا مراقبہ کیا، پتہ چلا کہ جنات جاچکے ہیں مگر ان لوگوں کے دلوں میں خوف باقی ہے گھر کے چاروں کونوں میں سورہ مزمل کا پانی رکھا ہوا تھا اب ہر کمرے میں جا کر با آواز بلند سورہ المزمل کی تلاوت اس طرح کی کہ پہلے پانچ بار سورہ الفلق سورۃ الناس اور سورۃ المزمل کا ورد کیا یا اول تعوذ اور تکبیر پڑھی یہ ورد ابھی دو کمروں میں ہی پورا کیا تھا، اچانک ایک عجیب واقعہ شروع ہوگیا کہ اس کمرے کے دروازے زور سے پٹخنہ شروع ہوئے اب کچن کی طرف دیکھا تو بہت زیادہ آگ بھڑک رہی تھی سمجھ گیا کہ جنات کے گروہ نے دوبارہ سے سرکشی شروع کردی اور اب وہ مقابلے پر اتر آئے ہیں اللہ اکبر آواز بلند پڑھی اور پھر تعوذ اکیس بار پڑھا سورۃ الناس اور سورۃ الفلق گیارہ بار ورد کرنے کے بعد سورہ مزمل 21 بار کرنا شروع کی گھر میں عجیب وغریب چیخ وپکار کا ماحول تھا ہر طرف شور اور رونے کی آوازیں آرہی تھیں کیونکہ اس کے اہل خانہ اس ماحول سے پوری طرح خوفزدہ ہو چکے تھے ان کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ ہم کیا کریں لہذا اشارے سے چپ رہنے کا مشورہ دیا اور اللہ اکبر پڑھنے کیلئے کہا وہ اپنے ورد میں مشغول ہوگئے دوسری جانب میں اپنے میں مشغول تھا اس کا اثر یہ ہوا کہ کچھ دیر بعد ایک دم سے سناٹا چھا گیا پھر اچانک پتہ چلا کہ ایک بچے کی حالت خراب ہوگئی ہے اس کو سانس رُک رہا تھا، ڈاکٹر صاحب اپنے تئیں کوشش کر رہے تھے کہ کسی طرح ہوش آجائے میں ورد کرتے ہوئے اس بچے کے پاس گیا سر پر ہاتھ رکھ کر سورہ مزمل کے ورد میں مشغول ہوگیا گھر میں سکون ہوگیا ہو۔ ابھی سورہ مزمل کی تعداد سات بار باقی تھی ایسا محسوس ہوا کہ جیسے یہاں پر کچھ بھی نہ ہوا ہو سب اہل خانہ پرسکون تھے

اقبال پرویز نیوز ایجنٹ، بالمقابل ریلوے سٹی اسٹیشن گوجرانوالہ ادارہ روحانیات

ورد مکمل کرنے کے بعد دوبارہ سے دو رکعت نماز نفل ادا کی پھر کچھ دیر کا مراقبہ کیا کیا دکھایا گیا کہ تمام سرکش جنات کو ایک جگہ پر جمع کیا گیا ہے اور ہدایت کی کہ ایک بوتل لائی جائے اس کو بند کرنا ہے بوتل کا فوری انتظام کیا گیا پھر دیکھا گیا کہ دھواں کی شکل میں کوئی شئے اس میں داخل ہو رہی ہے یہ منظر تمام اہل خانہ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا وہ بوتل دھوئیں سے بھر گئی بھی جب یہ کام مکمل ہوا اور ان لوگوں کی جان میں جان آئی لیکن ان کے چہروں پر خوف و دہشت ابھی بھی نمایاں تھا۔

ڈاکٹر صاحب اور اہلخانہ سے دعا کرنے کا کہا گیا۔ دعا کروائی اللہ کے سامنے اپنی بے بسی اور لاچاری پیش کی دعائیہ انداز میں اللہ سے مدد طلب کی اور اپنے اللہ کے حضور اپنی کمزوری بیان کرتے ہوئے اللہ کے سامنے بے بسی بیان کی" باری تعالی ہمیشہ شاطین سے نجات دلانے والا تیری ذات کے سوا اور کوئی نہیں اور ان اہل خانہ کو اللہ کے نام کے ساتھ تیری پناہ میں دیتا ہوں تجھ سے بڑا پناہ دینے والا اور کوئی نہیں اس گھر اور اس گھر کے مکینوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنی حفظ امان میں رکھ، جنات اور شیاطین سے ہمیشہ کیلئے۔ اے قوی و قابض سب سے بڑا حفاظت کرنے والا ہے سب سے بڑا حفاظت کرنے والا ہے اے رحمان و رحیم سب سے بڑا رحم کرنے والا تو ہے اے حفاظت کرنے والے بلاشبہ تیری ذات ہی حافظ و حفیظ ہے۔

اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ جیسے ماحول پُرسکون ہو گیا ہو دھواں سے بھری ہوئی بوتل جس میں یقیناً سرکش جنات قید تھے۔ اپنے بائیں جانب رکھی اب اس بوتل پر حصاری قفل لگانے کی تیاری کی گئی مٹی کی ایک ہنڈیا منگوائی گئی، اس ہنڈیا میں یہ بوتل رکھی گئی ڈھکن بند کرنے کے بعد سیاہ کپڑے سے منہ کو اچھی طرح باندھ دیا گیا آخر میں حصاری قفل پڑھا گیا جس کا طریقہ یہ تھا کہ پہلے گیارہ بار تعوذ اب 21 بار تکبیر 7 بار سورۃ مزمل اس طرح پڑھی گئی کہ ہر بار پڑھنے کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر ہنڈیا کے بندھے ہوئے منہ پر ایک ڈوری سے گرہ لگا دی جاتی یہ ڈوری اتنی بڑی تھی کہ دوبارہ گھما کر پھر دوسری بار پڑھنے پر گرہ لگا دی جاتی اسی طرح 7 بار گرہ لگائی گئی۔ سیاہ کپڑے میں اس ہنڈیا کو لپیٹ کر سنبھال کر رکھ دیا گیا۔

اہل خانہ سے مخاطب ہوا کہ دیکھیں اللہ تعالیٰ نے مہربانی کر دی ہے آپ کے گھر پر تمام جنات اور شیاطین کلام الہیٰ کی برکت سے اس بوتل میں بند ہو چکے ہیں۔ اب آپکو پریشان ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں لیکن 40 روز تک اب بھی محتاط رہنا ہے کیونکہ آپکے گھر پر سرکش جنات مسلط تھے۔ جنہوں نے باقاعدہ طور پر مزاحمت بھی کی جو کہ آپکے سامنے ہے۔ میں نے پورے گھر کا حصار بذریعہ قران پاک کیا لیکن مجھے ایک بار پھر اس گھر کے حصار کو دہرانا ہوگا کیونکہ پہلے بھی جب حصار کیا تھا تو آپ اہل خانہ کی غلطی کی وجہ سے وہ حصار ٹوٹ گیا تھا میں نے تاکید کی تھی کہ گھر میں گوشت اور گوشت سے پیدا ہونے والی کوئی شے استعمال نہ ہو مگر آپ لوگوں نے میری بات کی پرواہ نہ کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ حصار کمزور ہو کر ٹوٹ گیا اور سرکش جنوں نے دوبارہ سے آپ کے گھر پر دھاوا بول دیا اب یہ آخری موقع ہے۔ بہت محتاط رہ کر یہ چالیس روز گزارنے ہونگے کیونکہ اس دوران آپ تمام اہل خانہ کی ارواح کمزور ہو چکی ہیں۔ کمزور روح اور جسم پر جنات با آسانی قبضہ کر سکتے ہیں۔ گوشت ہر قسم کا اور گوشت سے پیدا ہونے والی اشیاء یعنی وہ اشیاء جو کہ جاندار سے پیدا ہوتی ہوں جس میں انڈہ، دودھ، دہی، دیسی گھی، مکھن وغیرہ ہر شے شامل ہے۔ بہت سختی سے ان کے استعمال کا پرہیز کریں۔ 40 روز بعد آپ بلا شبہ یہ اشیاء استعمال کر سکتے ہیں ان ایام میں بوقت فجر 5 بار سورۃ مزمل اور 5 بار آیت الکرسی کا ورد بلاناغہ کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دوبارہ یہ سرکش جنات اور شیاطین آپ کے گھر پر مسلط نہ ہونگے۔

اب گھر کے چاروں کونوں میں اذان دی گئی ہر کمرہ کی دیواروں پر شہادت کی انگلی سے تعوذ مع تکبیر سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ایک بار لکھی گئی۔ حصاری پانی پیالوں میں پہلے سے موجود تھا لہذا اب کسی دوسرے حصار کی ضرورت نہ رہی لیکن اہل خانہ کی حفاظت کیلئے ہر ایک شخص کو لوح حصار تیار کر کے دی گئی تاکہ دوبارہ یہ شیاطین حملہ آور نہ ہو سکیں۔

حضرت میں انتہائی آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے ہمیں اس عذاب سے نجات دلوائی۔ ورنہ ہم انتہائی پریشان ہو چکے تھے اور اللہ ہمارے دشمنوں اور حاسدوں کو بھی ہدایت دے کہ وہ دوبارہ اس قسم کی حرکت نہ کریں۔ میں آپ سے گزارش کرونگا کہ آپ گاہے بگاہے ہمارے ہاں تشریف لائیں تاکہ آپ کے قدموں کی برکت سے یہ سرکش جنات اور شیاطین ہمیں پریشان نہ کریں۔ میں آپ سے ایک بار پھر دست بدستہ معافی چاہتا ہوں کہ میری سستی اور کوتاہی کی وجہ سے ہمیں اور آپکو اتنی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، اگر پہلے ہی میں آپکی ہدایت پر توجہ دیتا تو اتنی پریشانی نہ اُٹھانا پڑتی لیکن پھر بھی میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ کی درست راہنمائی اور روحانی قرآنی وظائف کی برکت سے اللہ نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی۔ ڈاکٹر صاحب کی آنکھوں میں ندامت کے آنسو تھے اور بڑی شرمندگی کے ساتھ وہ اپنی غلطی قبول کر رہے تھے۔

مگر مجھے خوشی اس بات کی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے میری عزت رکھی اور ایک اور روحانی مشن میں کامیابی عطا کی۔

حضرت نعمت شاہ ولی اللہ

قرب قیامت کی نشانیاں

قیامت تک کی سچی پیشن گوئیاں

تحریر:۔ڈاکٹر محسن ملک (کراچی)

دُنیا میں قیامت تک رونما ہونے والے اہم واقعات بارے ہزار سال قبل کی گئی نعمت شاہ ولی اللہ کی پیشن گوئیاں جو، اب تک حرف باحرف بالکل درست ثابت ہورہی ہیں

عزیز دوستوں گزشتہ اقساط میں حضرت نعمت اللہ شاہ ولی کی پیشن گوئیاں قصائد کی شکل میں ملیں مختلف جگہ سے مطالعہ کرنے کے بعد ایک مضمون تیار کیا جاتا ہے، ان کو ترتیب دے کر یہ ایک مشکل امر ہے یہ صرف ماہر روحانیات کی محبت میں سب کچھ کررہا ہوں اس دوران مجھے دیگر روحانی ماہنامہ جات کی طرف سے بھی لکھنے کی پیش کش کی گئی مگر میں نے صاف جواب دے دیا کہ مجھے اتنی فرصت نہیں کہ میں آپ لوگوں کے ماہنامہ میں بھی لکھوں یہ تو ماہر روحانیات سے میرے ذاتی تعلقات ہیں اوران کے اخلاق کا نتیجہ ہے کہ مجھے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں لکھنے پر مجبور کیا لہذا آپ نے اگر میرے مضامین کا مطالعہ کرنا ہو تو تحفہ روحانیات کے علاوہ کسی دوسرے رسالہ میں میرے مضامین نہیں ملیں گے۔

ان پیشن گوئیوں میں دجال کے آنے کا ذکر بھی کیا گیا ہے اور یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ بھی دنیا میں تشریف لائیں گے اور اس وقت امام مہدی بھی دنیا میں تشریف لاچکے ہوں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شریعت محمدی کے علمبردار ہوں گے وہ صلیب کو توڑ کے دجال کو ہلاک کریں گے سور کو قتل کریں گے وغیرہ وغیرہ۔ ان حقائق سے واقف ہونے کے بعد دراصل عیسائیوں کو ہوش میں آجانا چاہیے اور حضرت عیسیٰ کے تشریف لانے سے قبل ہی صراط مستقیم کا راستہ اختیار کرلینا چاہیے اور شریعت محمدی پر گامزن ہو جانا چاہیے لیکن ان میں سے اکثر ایسا نہیں کریں گے اور گمراہی میں ہی مبتلا رہیں گے۔ اسی لئے قرآن کریم میں مسلمانوں کو باخبر کردیا گیا ہے کہ

مسلمانوں کے سب سے بڑے دشمن

قرانی آیت مبارکہ سے واضح ہوجاتا ہے کہ یہود و نصاریٰ ہی مسلمانوں کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ ان میں بہت ہی کم لوگ ایسے ہوں گے جو مسلمانوں کو نقصان پہنچانا نہیں چاہتے اگر ایسے لوگ موجود ہیں تو مسلمان ان کو قدر کی نظر سے دیکھتے ہیں اور دیکھتے بھی رہے ہیں اس لئے کہ مسلمان تو بے حد وسیع النظر ہوتے ہیں اور وہ بلاوجہ کسی سے تعصب اور نفرت کبھی نہیں رکھتے۔ وہ تو کافر کو بھی کافر کہنا پسند نہیں کرتے۔

یہودی:۔ حقیقت یہ ہے کہ جو عیسائی اور یہودی انسانیت کے علمبردار ہیں اور وسیع النظر ہیں وہ بلکہ دوسری قوموں کے بھی ایسے ہی افراد مسلمانوں کو نظر میں قابل قدر ہیں بشرطیکہ وہ قرآن عظیم کے اس معیار پر پورے اترتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰی وَالصّٰبِـُٔوْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ (۶۲ البقرہ) ترجمہ:۔ ''یقین جانو کہ نبی کریم کے ماننے والے ہوں، یہودی ہوں، عیسائی ہوں یا صابی جو بھی اللہ اور آخرت پر ایمان لائے گا اور نیک عمل بھی کرے گا اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور اس کیلئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں''۔ (البقرہ ۶۲)

صاف ظاہر ہے کہ ایسا شخص جو اللہ اور یوم آخرت پر یقین رکھتا ہے اور صالح عمل بھی کرتا ہو اس سے مسلمان کیوں دشمنی کرنے لگے کیوں حسد کرنے لگے کیوں نفرت کرنے لگے لیکن اگر کوئی شخص واقعی ایسا ہے تو کم از کم پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کبھی گستاخی نہیں کرے گا اور انہیں احترام وعقیدت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

توحید سے بیزاری:۔ محمد عربی کے ماننے والوں کو دیکھ لیجئے کہ ان میں کوئی ایک فرد بھی ایسا نہیں ملے گا جو عیسائیوں کے حضرت عیسیٰؑ کو پیغمبر اور یہودیوں کے پیغمبر حضرت موسیٰؑ کو پیغمبر تسلیم نہ کرتا ہو اور ان کا احترام نہ کرتا ہو، پھر عیسائیوں اور یہودیوں کو آخر کونسی مجبوری ہے کہ وہ پیغمبر اسلام کو تسلیم نہ کریں اور ان کا احترام نہ کریں۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ اس میں رکاوٹ یہ ہے کہ اگر وہ پیغمبر اسلام کو پیغمبر کی حیثیت سے تسلیم کرلیں تو انہیں دراصل صحیح عقیدہ توحید کو تسلیم کرنا پڑے گا جسے وہ تسلیم کرنا نہیں چاہتے صحیح عقیدہ توحید یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ (۲) لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ (۳) وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (۴)

یہودیوں اور عیسائیوں کا عقیدہ اسکے برعکس ہے انہوں نے اللہ تعالیٰ کو صاحب اولاد قرار دے رکھا ہے۔ قرآن عظیم نے ایسے لوگوں کو کافر قرار دیا ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ بے شک وہ لوگ کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ اللہ تین میں سے ہے حالانکہ ایک خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ سورۃ توبہ میں ارشاد ہے

وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ عُزَیْرُ نِ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَی الْمَسِیْحُ ابْنُ اللّٰهِ

ذٰلِکَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰی یُؤْفَکُوْنَ (۳۰) اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا (التوبہ ۳۱)

ترجمہ:۔اور یہودی کہتے ہیں کہ عزی اللہ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔ یہ ان کے منہ کی باتیں ہیں اور اگلے کافروں کی سی باتیں۔ یہ لوگ بناتے ہیں اللہ انہیں غارت کرے۔ کیسے بہک گئے ہیں اور ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے مولویوں اور راہبوں کو اور مسیح ابن مریم کو خدا بنالیا ہے حالانکہ ان کو حکم ملا تھا کہ ایک اکیلے خدا کی پرستش کریں۔

یہودی و نصاریٰ اہل کتاب نہیں

قرآن عظیم کے ان واضح اعلانات کے بعد ان لوگوں کو اہل کتاب کیسے کہا جا سکتا ہے جو توحید سے بیزار ہوں اور اللہ تعالیٰ کو صاحب اولاد قرار دے کر اس کی تضحیک کرتے ہیں یہ اہل کتاب نہیں بلکہ مشرک و کافر ہیں ہاں اہل کتاب تو اب مسلمانوں کو کہا جانا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن عظیم کو "الکتاب" فرمایا ہے سورۃ البقرہ کا آغاز ہی اسی سے ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اس اعتبار سے بھی یہود و نصاریٰ کو قرآن عظیم کی تکمیل کے بعد اہل کتاب نہیں کہا جا سکتا کیونکہ تکمیل قرآن کے بعد آسمانی کتب منسوخ قرار دی جا چکی ہیں اور انکی صوت حال بالکل ایسی ہی ہے جیسے کہ نصاب سے کسی کتاب کو خارج کر دیا جائے اور اسکی جگہ کوئی نئی کتاب نصاب میں داخل کر دی جائے چنانچہ جو افادیت اور اہمیت حاصل ہوگی وہ نئی کتاب کو ہوگی پرانی کتاب کی اہمیت ختم ہو جائیگی۔ امتحان بھی نئی کتاب میں سے لیا جائے گا پرانی کتاب میں سے نہیں۔ قرآن عظیم نئی کتاب ہے اور وہ نصاب الٰہی میں قیامت تک داخل رہیگی۔ اسلئے اس پر عمل کرنے والوں کو اس زمانہ میں اور قیامت تک اہل کتاب کہا جانا چاہیے اور الکتاب کی اصطلاح کو جو یہود و نصاریٰ کیلئے اب تک استعمال ہو رہی ہے متروک قرار دے دینا چاہیے۔

بعض علماء کی غلط فہمی:۔بعض علماء قرآن عظیم کی ایک آیت کی روشنی میں یہود و نصاریٰ کے ساتھ کھانا پینا ملنا جلنا اور رشتہ ازدواج قائم کرنا جائز قرار دیتے ہیں وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں یا شبہ میں گرفتار ہو گئے ہیں۔ قرآن عظیم کی وہ آیت یہ ہے۔

اَلْیَوْمَ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ وَطَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ وَطَعَامُکُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنٰتُ (المائدہ ۵)

ترجمہ:۔اہل کتاب جو کھانا کھاتے ہیں وہ تم پر حلال ہے اور جو تم کھاتے ہو وہ ان پر حلال ہے اور پاک دامن مومن عورتیں اور پاک دامن اہل کتاب عورتیں تم پر حلال ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اہل کتاب اور مسلمانوں کے درمیان اس قسم کے تعلقات کو جائز قرار دیا گیا ہے لیکن ذرا اس پر بھی غور کیجئے کہ اب یہود و نصاریٰ اہل کتاب کہلانے کے مستحق ہی کہاں ہیں کیا اہل کتاب کہلانے کی یہ ہی شرطیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی کو شریک کریں، شراب پئیں، سود کھائیں، سور کھائیں اور جو اللہ تعالیٰ کے صحیح بندے ہوں یعنی مسلمان ان کی دشمنی کو اپنا شعار بنائے رکھیں ایسے لوگ اہل کتاب کہلانے کے قطعی مستحق نہیں۔

ورقہ بن نوفل:۔اہل کتاب تو ورقہ بن نوفل تھے جنہوں نے حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ سے فرمایا تھا کہ "مبارک ہو اے خدیجہ کہ تیرا شوہر پیغمبر ہوا کاش جس وقت انہیں مکہ سے کفار نکالیں گے (واقعہ ہجرت) اس وقت میں حیات ہوتا تو تیرے شوہر کا ساتھ دیتا۔ یعنی اہل اسلام میں شامل ہوتا یہ تھے اہل کتاب جو اشان کی بلندی کو چھو رہے تھے۔

بحیرا:۔دوسرا واقعہ بحیرا کا ہے۔ حضرت ابوطالب اپنے بھتیجے (رسول کریمؐ) کو اپنے ہمراہ لیکر ایک تجارتی سفر پر شام کیلئے روانہ ہوئے تو راستہ میں ایک درویش عیسائی بحیرا سے ملاقات ہوئی اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک 13 یا 14 سال کی تھی۔ بحیرا نے انہیں دیکھ کر ابوطالب سے کہا کہ یہ تو پیغمبر ہیں ان پر وحی نازل ہوگی۔ انہیں فوراً واپس لے جاؤ اور آگے نہ جاؤں اسلئے کہ اگر یہود انہیں دیکھ لیں گے تو زندہ نہیں چھوڑیں گے بحیرا کو اہل کتاب کہنا چاہیے۔

نجاشی:۔حبشہ کے بادشاہ نجاشی عیسائی تھے جو اہل کتاب کہلانے کے مستحق ہیں جنہوں نے ہجرت حبشہ کے موقعہ پر مسلمانوں کو حبشہ میں قیام کی اجازت دیدی اور جب مکہ کے کافروں کا ایک وفد نجاشی کے پاس اس غرض سے پہنچا کہ وہ مسلمانوں کو اپنی سرزمین سے نکال دے تو نجاشی ان پر سخت برہم ہوئے اور الٹا کافروں کو حبشہ سے نکال دیا اور یہ تسلیم کیا کہ حضرت عیسیٰ اور حضرت محمدؐ ایک ہی چراغ کے پرتو ہیں۔ یہ تھی ایک اہل کتاب کی شان ایسے لوگوں کو قرآن کی زبان میں اہل کتاب کہا گیا ہے اور وہ واقعی اہل کتاب تھے آج کل کے یہود و نصاریٰ اہل کتاب بالکل نہیں اس لئے انہیں اہل کتاب قطعی نہیں کہنا چاہیے نہ ان سے رشتہ ازدواج قائم کرنا چاہیے اور نہ ان کو البتہ ان سے تجارتی اور سیاسی روابط رکھ سکتے ہیں وہ بھی اس حد تک کہ وہ مسلمانوں کے دینی اور معاشرتی معاملات میں دخل اندازی کی کوشش نہ کریں اور اپنی حدود میں رہیں۔ البتہ ورقہ بن نوفل، بحیرا اور نجاشی جیسے لوگ اب بھی کہیں موجود ہوں تو ان سے معاشرتی تعلقات رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد قران مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	02	07:10 تا 08:01	13:07 تا 13:58	جنوب مغرب	00:16 تا 01:26	مغرب

محبوب مان جائے نفرت ختم ہو

(**مقصد وظیفہ**) یہ نظر حُب وتسخیر محبوب سے ملاقات' محبوب کو پیغام بھیجنا' مال و دولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائیگی۔ بیشتر قارئین نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے وظیفہ کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کر سکتے ہیں ان شاءاللہ اگر نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔

(**وظیفہ**) جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں اُنہیں چاہیے کہ دیئے گئے جدل پہلی ساعت میں زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت **یغنھم اللہ من فضلہ** (سورۃ النور آیت نمبر 33) کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔ باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کردیں۔ اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔ نقش کے اوپری جانب **یاصوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔ نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال و دولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہو ایسی خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال و دولت کا حصول بہت آسان ہو جاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔

مثال سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مثلاً

نام سائل محمد علی 202

اعداد آیت:۔ **یغنھم اللہ من فضلہ** 2186

اسم الٰہی **یا منعم** 211

میزان 2599

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	10	08:03 تا 08:54	12:21 تا 13:13	جنوب	20:56 تا 22:04	جنوب

کالا سفلی علم ختم ہو جائے گا۔

(**مقصد وظیفہ**) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

وظیفہ) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ وتکبیر' آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کرلیں اس پانی کو 14 روز بلاناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذباللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ، اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق' سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں ان شاءاللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے وظیفہ کے آخری دن 72 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کردیں۔ نقش بنانے کیلئے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں ان شاءاللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	12	08:54 تا 09:46	14:56 تا 15:48	شمال مغرب	22:04 تا 23:13	شمال مشرق

وراثتی جائیداد کا حصول ہو جائے گا

(**مقصد وظیفہ**) سیارگان کا یہ قران بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ ادارہ روحانیات

اس وقت میں نحس اعمال انجام دیئے جا سکتے ہیں۔ خاص طور سے بزرگ خواتین سے وراثتی جائیداد کا حصول اس کے علاوہ دشمن پر کسی بھی قسم کی بیماری کا مسلط کرنا شامل ہے۔ لیکن قارئین سے عرض کرونگا کہ تخریبی اعمال سے گریز کریں اور تعمیری اعمال کی جانب متوجہ رہیں۔ ایک خاص وظیفہ ایسے لوگوں کیلئے پیش کر رہا ہوں جن کے مخالفین کی تعداد زیادہ ہو اور وہ صاحب وظیفہ کو بلاوجہ تنگ کرتے ہوں۔

(وظیفہ) کالے ماش کی دال سے قبل از وقت ایک پتلہ قبرستان کے پانی سے گوندھ کر بنائیں بہتر ہے کہ اس پتلہ کو قبرستان میں ہی خشک کریں۔ وظیفہ کے دوران سورۃ العصر لاتعداد پڑھتے جائیں کس طریقہ سے پڑھنی ہے اس بارے میں کئی بار بتا چکا ہوں عین بوقت وظیفہ اس پتلہ کو قبرستان سے چُنی ہوئی لکڑیاں جمع کر کے آگ دہکائی جائے اور ساعت وظیفہ میں اس پتلہ کو آگ میں ڈال دیا جائے۔ ادرک لیموں اور پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے کے بعد اس آگ میں سورۃ العصر پڑھتے ہوئے ڈالتے جائیں جب تک ساعت ختم نہ ہو ورد جاری رکھیں بعد اختتام وظیفہ نمکین شے پر 8 بار سورۃ الھب پڑھیں دونوں ہاتھ اُٹھا کر دعا کریں کہ اے باری تعالیٰ میرے دشمنوں کو میرے لئے مقہور فرما دے میرے دشمنوں پر مجھے غالب کر دے تجھے تیرے پاک کلام کا واسطہ مجھے میرے مخالفین پر غلبہ عطا فرما اگر میں نے یہ وظیفہ ناحق کیا تو مجھے اس وظیفہ کی رجعت سے بچا اور اگر میں درست رستہ پر ہوں تو اس وظیفہ کا اثر فوری ظاہر فرما دے۔

شمس قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	13	08:03 تا 08:54	16:39 تا 17:31	مشرق	00:21 تا 01:29	جنوب مشرق

دشمن کو عذاب میں مبتلا کرنا

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی یہ نظر نحس مانی جاتی ہے اس خاص نظر کے تحت دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا یا تباہ و برباد کرنا یا اُس پر پریشانی مسلط کرنا جیسے اعمال کئے جاتے ہیں۔ قارئین معمولی رنجش کی بناء پر وظیفہ کرنے سے گریز کریں۔

(وظیفہ) متذکرہ بالا نظر کے تحت سورۃ الکوثر کچی مٹی کی اینٹ پر چاروں طرف تحریر کریں۔ آخری آیت کے آخر میں لفظ ابتر 3 بار لکھیں اور 3 بار ہی دشمن کا نام لکھیں اگر دشمن کے جسم میں تیز حرارت اور بے چینی پیدا کرنے کا خیال ہو تو اس اینٹ کو دہکتی آگ میں رکھ کر 108 بار سورۃ مبارکہ کا ورد کریں اور اگر تباہ و بربادی کا خیال ہو تو بہتے ہوئے پانی میں ڈال کر سورۃ مبارکہ 80 بار پڑھیں۔ وظیفہ کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے تل اور شکر قبل از وظیفہ قبرستان میں پھینک دیں۔

زہرہ تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	23	07:11 تا 08:03	13:16 تا 14:08	مشرق	23:16 تا 00:24	جنوب مشرق

پسند کا رشتہ مل جائے گا۔

(مقصد وظیفہ) درج بالا نظر میں اگر کسی مخصوص جگہ رشتہ طے کرنا چاہیں یا تسخیر محبوب کا ارادہ ہو یا میاں بیوی میں ناچاقی رہتی ہو یا تسخیر خلق چاہتے ہوں تو اس خاص وظیفہ سے اپنی زندگی بھر کیلئے ایک نایاب اور پُرتاثیر سرمہ تیار کر سکتے ہیں۔

(وظیفہ) درج بال جدل میں جیسے ہی پہلی ساعت کا آغاز ہو اس میں باوضو ہو کر سرمہ کو عرق گلاب میں کھرل کرنا شروع کر دیں جتنی دیر تک آپ کھرل کرتے جائیں اس دوران لاتعداد **یا ودودو** کا ورد رکھیں۔ باوقت وظیفہ بخور زہرہ روشن کریں رجال الغیب نظر میں ہو جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے کام بھی ختم کر دیں پھر دوسری ساعت کا انتظار کریں اور اسی وظیفہ کو درج بالا طریقہ سے دہرائیں غرض کہ نظر کا اختتام ہو جائے تو وظیفہ کا بھی اختتام کر دیں۔ اس وظیفہ میں تعداد کی کوئی حد نہیں بس ساعت کے آغاز سے ہی لاتعداد پڑھتے جائیں۔ تصور اور یکسوئی پختہ ہو دوران وظیفہ کھانا پینا بولنا منع ہے۔ منہ میں میٹھی چیز رکھیں خاص طور سے مصری اور شہد ہو تو وظیفہ میں قوت پیدا ہو جاتی ہے اول آخر درود **ودود** بیس بار پڑھیں۔ یہ زندگی بھر کی ایک بار کی محنت ہے ایسا پُرتاثیر سرمہ تیار ہوگا کہ

الودودو صلی علی محمد وآلہ اھل بیت انك رحیم الودود

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	25	08:55 تا 09:47	17:43 تا 18:50	مغرب	1:32 تا 02:40	جنوب

بلڈ پریشر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

(مقصد وظیفہ) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو ذیل کے

دیئے گئے وظیفہ کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(وظیفہ) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کیلئے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کیلئے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔نقش بنانے کیلئے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کیلئے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غرب	رجال
سوموار	27	09:47 تا 10:40	15:57 تا 16:50	شمال مغرب	23:19 تا 00:26	شمال مشرق

مرد عورت میں صلح کروانے کے لئے

(مقصد وظیفہ) مرد عورت میں صلح کرانے کیلئے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں ذیل کے وظیفہ سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(وظیفہ) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں،اس وظیفہ کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب وظیفہ کیلئے مسخر ہو جائے گا۔

حضیض شمس 10 جنوری

سیارہ شمس کو جدی کے 20 درجہ پر حضیض ہوتا ہے یہ نحس ترین درجہ ہوتا ہے جہاں پر شمس اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے یعنی اس سے ملنے والے پھل مثلاً عزت دولت شہرت سب کچھ نحس ہو جاتے ہیں۔جبکہ اسی کے مقابل حمل کے 19 درجہ پر جو کہ 08 یا 09 اپریل سیارہ شمس اس درجہ پر آتا ہے سیارہ شمس اپنی بھر پور طاقت میں ہوتا ہے ماہ رواں میں شمس حالت نحس سے گزر رہا ہے مندرجہ ذیل تواریخ میں سیارہ شمس درجہ حضیض سے گزرتے ہوئے خاص طور پر حملی سرطان اور میزان افراد کیلئے پریشان کن ثابت ہو سکتا ہے۔اس سال حضیض شمس 10 جنوری بروز جمعہ المبارک 00 بجکر 42 منٹ تا 11 جنوری بروز ہفتہ 00 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔اس دوران دشمن کے مال وزر کی بربادی کسی کو مرتبہ سے گرانے کیلئے،ظالم کو سزا دینے کیلئے،یا ظالم حکمران یا دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے اس خاص وقت میں خاص وظائف کئے جاتے ہیں۔

ساعت اول:۔10 جنوری بروز جمعہ 06:03 تا 07:13 (مغرب)

ساعت دوئم:۔10 جنوری بروز جمعہ 12:15 تا 13:05 (مغرب)

ساعت دوئم:۔10 جنوری بروز جمعہ 18:27 تا 19:36 (جنوب)

چاند گرہن 10 جنوری

سال کا پہلا چاند گرہن 10 جنوری بروز جمعۃ المبارک کو ہوگا۔جبکہ چاند گرہن کا آغاز 10 بجکر 07 منٹ پر ہو کر مکمل 11 جنوری 00 بجکر 10 منٹ پر ہوتا ہوا 02 بجکر 17 منٹ پر ختم ہوگا۔اس قمری گرہن کی کل مدت 4 گھنٹہ 40 منٹ ہوگی۔یہ قمری گرہن برج سرطان کے 19 درجہ 53 دقیقہ پر ہو رہا ہے۔ اس گرہن سے جوزا سرطان اور اسد سے متعلقہ افراد متاثر ہو سکتے ہیں۔ان بروج کے حامل افراد سوجی اور شکر سفید تل بہ نیت صدقہ بہتے ہوئے پانی میں ڈالیں۔یہ چاند گرہن افریقہ،شمالی امریکہ کا کچھ حصہ،مشرق میں جنوبی امریکہ،پیسفک،بحر اوقیانوس،بحر ہند،آرکٹک میں دیکھا جا سکے گا۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 17 جنوری 23:20 تا 20 جنوری 03:40

ھبوط قمر: 18 جنوری 02:46 تا 04:29

شرف قمر: 05 جنوری 01:12 تا 03:10

قمر در ثور: 04 جنوری 21:15 تا 07 جنوری 07:10

شادی بیاہ کی تاریخیں

4.7.8.11.12.13.14.20.21.24.26.27.28

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات،صبح 10 تا 02 دوپہر بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں۔

+92300-6351192

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ ادارہ روحانیات

روحانی علاج کرنے کے تین مراحل

تحریر:۔زاہد حسین نجفی (راولپنڈی)

قارئین تحفہ روحانیات کو سب سے پہلے تو میں نئے سال عیسوی کی لاکھوں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس نئے سال کو آپ کی زندگی کو خوشیوں سے بھر دے اور کوئی غم آپ کے نزدیک نہ آئے۔

جعفریہ جنتری 2020ء اتنی خوبصورت اور معلوماتی جنتری شائع کرنے پر میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور محترم سید شبیہہ الحسنین رضوی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جن کی بدولت ہمیں اتنی مفید جنتری پڑھنے کا موقع ملا۔

اس ماہ ایک ایسا مضمون جس کی روحانی معالجین کو بہت ضرورت ہے نیز عوام کیلئے بھی بہت ضروری ہے تاکہ وہ روحانی معالجین سے صحیح کام لے سکیں۔

قارئین تحفہ روحانیات! کافی عرصہ سے اس مضمون کو لکھنے کا سوچ رہا تھا مگر وقت کی کمی کے باعث مضمون شروع ہی نہ کر سکا۔ ممکن ہے کہ اس مضمون سے چند روحانی معالجین اختلاف کریں مگر پرواہ نہیں کیونکہ اختلاف کیلئے بھی دلیل کی ضرورت ہوتی ہے اور ہمارے ہاں اختلاف بلا دلیل کرنے کا مرض بہت لوگوں میں ہے۔

اس مضمون میں روحانی علاج سے مراد صرف اور صرف جادو اور جنات کا علاج لیا جا رہا ہے۔ جادو اور جنات کا علاج کرنے کے تین مراحل ہیں۔ دراصل یہ تین مراحل ہر کام کے ہوتے ہیں۔ مگر سمجھانے کیلئے جادو اور جنات کا بیان کیا جائے تو سمجھنا بہت آسان ہوتا ہے۔ جنات اور جادو ایک دشمن ہے جو مریض پر حملہ کر رہا ہے اور روحانی معالج مریض کا ہمدرد ہے۔

پہلا مرحلہ:۔ مریض روحانی معالج کے پاس آیا۔ اس نے حالات سن کر اسے صرف وظیفہ پڑھنے کو دے دیا۔ یہاں دو باتیں ہو سکتی ہیں۔ پہلی کہ روحانی معالج خود اس وظیفہ کی روحانی قوت رکھتا ہو اور دوسری کہ روحانی معالج خود اس وظیفہ کی روحانی قوت نہیں رکھتا۔ تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض دشمن کے سامنے کھڑا ہوا ہے، دشمن حملہ کر رہا ہے اور مریض اس وقت اللہ تعالیٰ سے مانگ رہا ہے تاکہ اسے ہتھیار ملے، لڑنے والے ملیں اور وہ دشمن کا مقابلہ کر سکے۔ یہ درجہ عموماً کثرت سے ہمارے بزرگوں کا بھی ہے چونکہ خود روحانی معالج نہیں ہوتے، اس لئے اللہ تعالیٰ ہی کوئی خاص معاملہ کریں اور اس وظیفہ کی طاقت پڑھنے والے کو دے دیں۔ اس صورت میں مریض سے پیسے نہیں مانگنے چاہئیں۔ جو وہ خوشی سے دے، روحانی معالج لے لے۔ روحانی معالج نے صرف رستہ دکھایا ہے، اور کچھ نہیں کیا۔

اگر روحانی معالج اس وظیفے کا تصرف ہے، تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض کو روحانی معالج نے ہتھیار دیا کے دشمن پر حملہ کرو اور مریض حملہ کر رہا ہے۔ ساتھ ہی مریض کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مانگنا کبھی نہ چھوڑے۔ اس معاملہ میں روحانی معالج مریض سے کچھ رقم کا مطالبہ کر سکتا ہے مگر چونکہ روحانی معالج کی کوئی محنت نہیں، محنت ساری مریض کی ہے، اس لئے زیادہ رقم کا مطالبہ نہیں کرنا چاہئے۔

دوسرا مرحلہ:۔ یہ ہوتا ہے جہاں روحانی معالج مریض کو کچھ علاج بنا کر دیتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض دشمن دیئے ہوئے ہتھیار سے وار کر رہا ہے، اور روحانی معالج مریض کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے۔ اور دشمن کو روحانی معالج نظر بھی آ سکتا ہے کہ مریض کے پیچھے کون کھڑا ہے۔ چونکہ وہ خود بھی میدانِ جنگ میں کود جاتا ہے، اس لئے اس کو بھی نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ وہ جہاں مریض کو اسلحہ دے رہا ہوتا ہے، وہیں مریض کی مرہم پٹی بھی کر رہا ہوتا ہے۔ چونکہ روحانی معالج اس میں کام کر رہا ہوتا ہے، اس لئے مناسب رقم مریض سے مانگ لی جائے تو کوئی حرج نہیں۔

تیسرا مرحلہ:۔ تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ روحانی معالج مریض کو پیچھے کر کے خود دشمن کے سامنے ہو جاتا ہے۔ اس مرحلے میں معالج کو بہت خطرہ ہوتا ہے، اور مریض کو صرف مرہم پٹی کیلئے تعویزات دیئے جاتے ہیں۔ وظیفہ خود کرتا ہے۔ اس صورت میں چاہئے کہ اچھی رقم مریض سے لے کیونکہ وہ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جان داؤ پر لگائے ہوئے ہوتا ہے۔ اول تو تیسرے مرحلہ میں وظائف کیے کئے جاتے ہیں، یہ بات خود روحانی معالجین کو کم ہی پتہ ہوتی ہے۔ زیادہ تر دوسرے مرحلے سے آگے نہیں جاتے۔ اور اس طرح کے بڑے اور خطرناک وظائف بغیر بڑی رقم کے نہیں کرنے چاہئیں کیونکہ جب روحانی معالج پر مصیبت آتی ہے، تو کبھی مریض تعاون نہیں کرتا۔ اور ایسا بہت دیکھا گیا ہے کہ روحانی معالجین سخت پریشانی میں مبتلا ہوتے ہیں اور پھر کوئی ان کا مددگار نہیں ہوتا ساری زندگی مصائب و مسائل میں گزرتی ہے۔

محمدؐ و آلِ محمدؐ کا فیض

تحریر: محمد ابصار حیدر حیدری (تلہ گنگ)

قارئین کرام! یہ بات مکمل ذہن نشین کرلیں کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کا گھرانہ ہی وجہ تخلیقِ کائنات ہے اگر ہم انہیں، نہیں مانیں گے تو محمدؐ و آلِ محمدؐ کا جانا کچھ نہیں اور ہمارا رہنا کچھ نہیں۔ آخر میں انتہائی ممنون و مشکور ہوں بانیان جعفریہ جنتری اور معاونین جعفریہ جنتری جنہوں نے مجھے مضمون لکھنے کیلئے جعفریہ جنتری میں مدعو کیا خالق اکبر انہیں اپنے حفظ و ایمان میں رکھے۔

خاتمہ نظر بد

سورہ قلم کی آخری 2 آیات روزانہ 41 مرتبہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اُوپر دم کریں۔ اس وظیفہ کی برکت سے سخت سے سخت نظر بد کا خاتمہ ہو جائے گا۔

خاتمہ پٹھوں کا درد

شہادت اُنگلی پر بایاں انگوٹھا رکھ کر شہادت اُنگلی پر دبا کر سورہ فاتحہ 21 مرتبہ پڑھیں اور اکیسویں مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر شہادت اُنگلی زور سے انگوٹھے پر دبا کر فوراً اِرد گرد دم کر دیں یہ ورد 9 دن کریں۔ آپ کو اس وظیفہ کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے۔

چراغ محبت

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۱۱
۳	۱۷	۹	۱۱۱۱۱۱
۱۰	۵	۴	۱۱۱۱۱۱۱۱۱

درج بالا نقش جو کہ پہلے کالم میں دیا گیا ہے کسی بھی اچھی ساعت مثلاً شرف قمر، شرف زہرہ کسی بھی سیارہ کے شرف میں یا روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ستاروں کی چال وظیفے کا کمال میں سعد نظر دیکھ کر اس وظیفہ کو کریں یا پھر مغرب اور عشاء کے درمیان چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روئی لپیٹ کر تعویذ کو دائیں جانب سے آگ لگا دیں۔ یہ 17 دن کریں۔

ہر مسئلہ کا تیر بہدف وظیفہ

آج کے اس دور میں ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کا شکار ہے کسی نہ کسی پریشانی میں مبتلا ہے ایسے تمام پریشان افراد نوچندی جمعرات کو وظیفہ کی نیت سے غسل کر کے پاک و پاکیزہ کپڑے زیب تن کر کے عطر لگا کر باب الحوائج شہنشاہ وفا جناب عباس علمبردار علیہ السلام کے علم مبارک کے پاس جا کر علم کو پکڑ کر تخنہ یا علی مدد پیش کر کے 133 مرتبہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف استغاثہ بحضور حضرت عباسؑ پیش کریں۔ 21 دن کا وظیفہ ہے۔

نوٹ: ۔علم کو پکڑ کر تخنہ یا علی علیہ السلام لازماً ذہن میں رکھ کر مکمل ادب و احترام سے پیش کرنا ہے بحکم میرے مرشد پاک پھر استغاثہ پیش کرنے کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل عباس علمبردارؑ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَّجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اِكْشِفْ كَرْبِيْ بِحَقِّ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اگر آپ نے یہ عمل مکمل یقین سے کیا تو ان شاء اللہ حاجات پوری ہوں گی اس عمل سے ہر قسم کے مسائل حل ہوتے ہیں یہ عمل میں نے ''کوما'' کے مریض جو کہ مسلسل 18 سال سے کوما میں انگلینڈ کے ہسپتال میں داخل تھا اُس کے بیٹے نے یہ عمل کروایا آج وہ ''کوما'' کا مریض اپنے کاروبار کو سنبھال کر بیٹھا ہوا ہے۔ یہ ہمارا کمال نہیں یہ اُس خالق کائنات کی کرم نوازی سے ہوا جس نے محمدؐ و آلِ محمد کو ہمارے لئے وسیلہ بنایا۔ دُعاوں میں مجھے اور بانی ادارہ روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو یاد رکھیں۔

وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کا نقش

تحریر :۔ عامل فقیر حقدار بہلکانی (کشمور)

قارئین تحفہ روحانیات! سب تعریفیں میرے رب کی ہیں جو بڑا مہربان ورحم والا بخشنے والا ہے۔ اما بعد یہ دسمبر 1991ء کی بات ہے کہ نماز عشاء کے بعد میں باہر کہیں سے اپنے گھر آرہا تھا اکیلا تھا اور گھر تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے پر سامنے تھا اچانک میرے پیچھے سے راستے میں کوئی ایک پتھر گرا اور پھر وقفے سے دوسرا پتھر گرا تو میں نے مڑ کر پیچھے دیکھا تو میرے پیچھے بھی کوئی نہ تھا۔ اس طرح میرے چلنے سے قدم بہ قدم میں نے پتھر گرتے محسوس کئے اور پھر میں نے محسوس کیا کہ وہ جنات تھے تو اچانک میرے منہ سے آیت الکرسی نکلی اور میں ٹھہر گیا۔ جنات کا حملہ اتنا تیز تھا کہ میرا بال بال اُٹھ کھڑا ہوا، میں ڈر کے مارے پریشان ہوا اور جب میں ٹھہرا تو اچانک کنکریٹ و ریت کی بارش شروع ہوگئی لیکن کوئی بھی پتھر یا کنکریٹ مجھے نہیں لگا کیوں کہ میری زبان سے آیت الکرسی کا ورد جاری تھا۔ جب میں آیت الکرسی پڑھتا ہوا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کو پہنچا تو ہر طرف جنات کے رونے کی چیخ وپکار مچ گئی اور کنکریٹ پتھروں وریت کا تماشہ نہ صرف رُک گیا بلکہ ختم ہوگیا اور وہ ڈر جو کہ مجھے چار پانچ منٹ پہلے محسوس ہو رہا تھا وہ نہ صرف چند سیکنڈ میں ختم ہوا بلکہ حوصلہ مزید بلند ہوگیا اور میں اونچی آواز سے پکار پکار کر کہہ رہا تھا کہ جنات اب کہاں گئے اور آؤ فقیر کے ساتھ مقابلہ کرو۔ اس کے بعد اس فقیر کو علم الیقین سے عین الیقین اور عین الیقین سے حق الیقین ہوگئی کہ آیت الکرسی کتنی بڑی عظیم چیز ہے اور اس میں موجود آخری تین الفاظ کتنے انمول ہیں اس کے بعد اس فقیر نے آیت الکرسی پر عمل کیا اور شکر ہے کہ اس میں بھی کامیاب ہوگیا۔

مذکورہ جنات کا کھیل صرف پانچ سے سات منٹ تک تھا جو کہ آیت الکرسی کی برکت سے ختم ہوا اور اس کے بعد یہ دیا گیا تعویذ جنات شیاطین و نظر بد اتنا چلا کہ جس کا اندازہ کوئی نہیں کرسکتا ہے۔ دیگر کے سمجھنے کی کوئی بات نہیں پر اس میں مسائل اور اس کے ماں کے اعداد ملفوظی ڈالے جائیں۔

یہ میرے اپنے ذاتی تجربے کی بات ہے کہ جنات کے علاوہ بھی ان الفاظ سے روزی رزق کی فراوانی مقابلہ میں کامیابی، خاص طور پر کھیل اور تعلیم، میں کامیابی، نوکری جنات ودیگر مستورات کی بیماریوں میں اتنا کام کیا کہ جس کا کوئی اندازہ نہیں اور ساتھ ہی یہ بھی کہ یہ تعویذ دنیا کے ہر کام و مشکلات کیلئے کافی ہے مگر شرط یہ ہے کہ طالع دیکھ کر کسی سعد وقت میں مشک زعفران یا کالی سیاہی سے لکھ کر دینا چاہئے۔

ان شاء اللہ دنیا کا ہر کام سرانجام ہو پائے گا اور یہ الفاظ کبھی خطا نہیں کرتے اس تعویذ کو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے بذریعہ رجسٹرڈ جوابی لفافہ بھیج کر منگوایا جاسکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۰	وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ				۱۱۰
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ	۲۶۹	۲۸۳	۲۸۰	۲۷۷	وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
	۲۸۱	۲۷۶	۲۷۰	۲۸۶	
	۲۷۵	۲۷۸	۲۸۵	۲۸۱	
	۲۸۴	۲۷۲	۲۷۴	۲۷۹	
۱۱۰	یٰحَیُّ یٰقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ				۱۱۰

اطلاع قارئین ونیوز ایجنٹ

ڈیرہ غازی خان میں ملک اللہ بخش کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری اور مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ
ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان
0333-8552585

اطلاع قارئین ونیوز ایجنٹ

منڈی حاصل پور میں خلجی نیوز ایجنسی کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری اور مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

خلجی نیوز ایجنسی
منڈی حاصل پور
0306-5507693

چاند گرہن کے مسنون اعمال

تحریر:۔ علامہ سید سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات! اس سال کا سب سے پہلا لگنے والا چاند گرہن جو کہ 10 جنوری 2020ء بروز جمعۃ المبارک کو 22 بجکر 07 منٹ پر برج سرطان کے 19.53 درجہ پر شروع ہوگا جس کا خاتمہ 11 جنوری 02 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ اس گرہن کا دورانیہ 4 گھنٹہ 40 منٹ ہوگا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم کے زمانہ میں، جب اُن کے بیٹے ابراہیم فوت ہوئے تو سورج کو گرہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُمَا فَادْعُوا اللّٰهَ وَصَلُّوا حَتّٰى يَنْكَشِفَ بے شک سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے اُنہیں گرہن نہیں لگتا، لہذا جب تم لوگ اُنہیں (گرہن لگا ہوا) دیکھو تو اللہ سے (بخشش اور رحم کی) دُعا کرو اور نماز پڑھو حتیٰ کہ گرہن ختم ہو جائے۔ (صحیح مسلم/حدیث/۱۲۶۱ کتاب الکسوف/باب ۵)

روایات سے مستنبط احکام ومسائل

سورج یا چاند رہن کا ہونا کسی کی موت وحیات کی بنا پر نہیں ہوتا، جیسا کہ جاہلیت کے زمانے میں لوگوں کا عقیدہ تھا۔

ایسا ہونا قدرت الٰہی کی نشانیوں میں سے ہے تا کہ آفتاب وماہتاب کا مخلوق وعاجز ہونا لوگوں پر آشکارا ہو جائے۔

مسئلہ:۔ اگر چاند گرہن کا واقعہ پیش آئے تو سب لوگ تنہا تنہا دو رکعت نماز (نماز خسوف) پڑھیں، اس نماز کو باجماعت پڑھنا مسنون نہیں ہے۔

يصلون ركعتين في خسوف القمر وحدانا، هكذا في محيط السرخسي۔

ہندیہ ۱۵۳، شامی بیروت ۳، ۴۶، زکریا ۳، ۹۹

دعائیں کرنا اللہ کی بڑائی بیان کرنا صدقہ دینا
عذاب قبر سے پناہ مانگنا تسبیح تحمید وتہلیل کرنا

چاند گرہن کے وقت مشروع اعمال میں سے یہ بھی ہیں کہ دعائیں مانگی جائیں، اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کی جائے، اللہ کا ذکر کیا جائے، توبہ واستغفار کی کثرت کی جائے، عذاب قبر سے پناہ مانگی جائے اور صدقہ کیا جائے۔

فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ (سنن النسائی/۱۵۰۴)

فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَكَبِّرُوا، وَصَلُّوا وَتَصَدَّقُوا (صحیح بخاری/۱۰۴۴)

وفي رواية:۔ ثم أمرهم أن يتعوذوا من عذاب القبر (متفق علیہ، عن عائشہ رضی اللہ عنہا)

وفي رواية:۔ فجعل يسبح، ويحمد، ويهلل، ويكبر، ويدعو (أخرجہ مسلم، عن عبدالرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ)

سورج اور چاند گرہن کے موقع پر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ اگر استطاعت ہو تو غلاموں کو بھی آزاد کر دیا کرو۔ چنانچہ ان دونوں مواقع پر غلاموں کے آزاد کرنے کی شہادت ملتی ہے۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

كُنَّا نُؤْمَرُ عِنْدَ الْخُسُوفِ بِالْعَتَاقَةِ

"ہم کو حکم دیا جاتا تھا کہ چاند گرہن کے وقت غلام آزاد کریں۔

چاند گرہن اور حاملہ کے بارے میں توہمات کا خاتمہ

کہا جاتا تھا کہ کسی شخص کی موت یا کسی بڑے حادثہ پر سورج یا چاند کو گرہن لگتا ہے۔ برصغیر کے لوگوں میں بھی یہ خیال رہا کہ اس موقع پر حاملہ عورتیں چھری وغیرہ کا استعمال نہ کریں سورج یا چاند کے گرہن ہونے کی وجہ سے ان کے پیٹ میں موجود بچے کا ہونٹ وغیرہ کٹ جاتا ہے، بعض عورتیں حاملہ کو ساری رات کھڑا رکھتی ہیں پہلے یہ کہا جاتا تھا سب چیزیں غالباً ہندوں سے یہ توہم پرستی مسلم معاشرے میں سرایت کر گئی، کہا جاتا تھا کہ حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، نہ شریعت میں اس کی کوئی اصل ہے اور سائنس میں۔ مگر اب سائنس بھی اس حقیقت کو مان چکی ہے۔ کہ جدید سائنس نے ان سب بے بنیاد باتوں کو ختم کر دیا مان چکے ہیں کہ گرہن کے دوران ان سیارگان سے خطرناک شعاعیں زمین کی جانب آتی ہیں۔

چاند گرہن میں اسماء الحسنیٰ کی زکات کا طریقہ

نقش اسرار صوامت

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمن ضیاء
(کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم: چاند یا سورج گرہن کا وقت مخصوص اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ عموماً اس وقت میں حساسیت اور روحانیت اپنے عروج پر ہوتی ہے روحانی اعمال اس وقت خاص اثر رکھتے ہیں اس ماہ کا مکمل چاند گرہن خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ رات ہونے کی وجہ سے پاکستان میں دیکھا جا سکے گا۔ ایسے گرہن میں حروف صوامت کی اور دیگر اعمال کی زکات ادا کرنا نہایت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ عمومی طور پر قارئین یا نئے عامل حروف صوامت کی زکات ادا کرنے کے شوقین ہوتے ہیں اور چند کتابوں سے دیکھ کر زکات ادا کرنے کی یا حروف صوامت کے اعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں اصول وقوائد کی ناآشنائی اور صحیح استاد نہ ہونے کی وجہ سے نتیجہ رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں اور بعض لوگ اپنے نفسانی خواہشات کی تکمیل کیلئے ان اعمال کا سہارا لیتے ہیں جو کہ شرعی اور اخلاقی دونوں اعتبار سے غلط ہے جب تک مادی وسائل سے کام نکلے تب تک ایسے اعمال سے گریز کرنا ہی بہتر ہے۔

یہاں یہ بات بھی واضح کر دوں کے عملیات کا فن ہو یا کوئی بھی فن ہو کتاب آپ کو اس فن سے آشنا تو کروا سکتی ہے مگر اس فن کا فنکار نہیں بنا سکتی فن کا فنکار آپ کو ایک صحیح مخلص استاد ہی بنا سکتا ہے اور استاد کا ادب، احترام، عزت خدمت انکی کسی بات یا غصہ کو برداشت کرنا ہی کامیابی کی منازل کو طے کرواتا ہے بنا استاد کے کسی شخص کی مثال ایسے ساز کی طرح ہے جو بجتا تو ہے مگر سُر اور دھن کے بغیر۔ لہذا استاد کی خدمت وادب بہت ضروری ہے۔

اسکے علاوہ نئے سیکھنے والے عاملین کو چاہیے کے اس فن میں قدم رکھنے سے پہلے قرآن پاک کو تجوید کے ساتھ لازمی پڑھنا سیکھیں تاکہ کسی بھی عمل کی زکات دیتے وقت یا پڑھائی کرتے وقت زبر، زیر، پیش اور لفظوں کی ادائیگی کی غلطی نہ ہو ایک حرف کی غلطی بھی کسی آیت پاک کے ترجمہ کو بدل دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ عمل میں ایک تو اثر نہیں ہوتا اور رجعت کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے ان تمام عوامل کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے قارئین کیلئے اس بار آسان زکات کا طریقہ اور عمل پیش کر رہا ہوں دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کی تمام جائز ضروریات کو پورا فرمائے آمین۔

﴿ نقش اسرار صوامت کا طریقہ عمل ﴾

نمبر شمار	اسماء الحسنیٰ	اعداد
1	الله	٦٦
2	مالك الملك	٢١٢
3	سلام	١٣١
4	عدلٌ	١٠٤
5	واسعٌ	١٣٧
6	ودودٌ	٢٠
7	عليٌ	١١٠
8	واحد	١٩
9	صمدٌ	١٣٤
10	وليٌ	٤٦
11	مُعطِي	١٢٩
12	هادي	٢٠
13	اول	٣٧

کل تعداد 1165 **مفرد عدد** 13



عزیزان من: نقش اسرار صوامت عاملین کے ساتھ ساتھ عام افراد کیلئے خاص کر ایک عظیم تحفہ ہے جسے آپ چاند گرہن کے درمیانی وقت میں آسانی سے بنا اور عمل میں لا سکتے ہیں تمام حضرات اس بات سے واقف ہیں کہ حروف تہجی کے وہ حروف جن میں نقطے نہیں ہیں وہ تعداد میں 13 ہیں احد۔ رس طعک۔ لموہ۔ انہی کو حروف صوامت کہا جاتا ہے۔ لہذا حروف صوامت اور عدد 13 کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے ہم نے اللہ کے ایسے 13 اسماء جمع کیے جو بے نقطہ

حروف پر مشتمل ہوں اور جنکی تعداد کا مجموعہ بھی تیرہ بنے اور نقش بھی ایسا تیار ہو جسکا ہر خانہ عدد 13 کے اضافہ کے ساتھ پُر ہو اہل علم وفن ہی اس اسرار سے بخوبی واقفیت رکھتے ہیں۔ نقش بنانے کا طریقہ بے حد آسان ہے چاند گرہن کے درمیانی وقت میں نیلے کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نقش کو اپنے نام کے پہلے حرف کے عنصر کے مطابق لکھیں میں نے نقش کو سمجھانے کی غرض سے آتشی چال سے مکمل کیا ہے مگر آپ نام کی موافقت کریں نقش کے کونوں میں جو چھوٹے ہندسہ درج ہیں وہ نقش کی چال کو واضح کر رہے ہیں اصل نقش بناتے وقت انہیں نہ لکھیں نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں ۱۹۳ درج ہے تیرہ کے اضافہ کی ساتھ دوسرے خانہ میں ۲۰۶ آئے گا اسی طرح ہر خانے میں تیرہ کا اضافہ کرتے ہوئے سولہویں خانہ تک نقش کو مکمل کریں گے نقش پر کرنے کے بعد نقش کے نیچے اپنا مقصد اور نقش وحروف صوامت کا مؤکل درج کریں۔ صاحب علم حضرات مقصد کی عبارت عام طور پر عربی یا فارسی میں لکھتے ہیں مگر عام حضرات اردو میں بھی لکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر نظر بد سے حفاظت مقصود ہے تو نقش بنانے کے بعد نیچے یا پچھلی طرف یہ لکھیں۔ **اے اللہ فلاں بن فلاں کو ھر طرح کی بری نظر سے تا حیات حفاظت فرما بحق یا حراکیل یا ھسقائیل العجل الساعۃ الوحا**۔ واضح رہے مقصد کی عبارت کوئی بھی ہو اسکے آخر میں یہ مؤنکلات لازمی لکھیں نقش کو مکمل کر لینے کے بعد موم جامہ کر کے نیلے کپڑے میں لپیٹ کر گلے یا بازو میں پہن لیں اور تین کلو چاول یا چینی کا صدقہ ضرور ادا کریں اب روز تیرہ باران اسماء کو لازمی پڑھ لیا کریں ان شاء اللہ یہ ایک نقش ہی کئی مسائل کا حل ثابت ہوگا۔ ہر قسم کے سحر جادو سے حفاظت، گھر میں بے برکتی کا خاتمہ، بے سکونی ڈپریشن اور مختلف بیماریوں سے حفاظت، میاں بیوی میں نا اتفاقی وطلاق کا خدشہ، گھریلو افراد بھائی بہن ماں باپ رشتہ داروں میں اختلافات، دشمنوں وبدگو افراد سے حفاظت، شادی میں رکاوٹ وغیرہ، الغرض امور زندگی کے تمام جائز کاموں میں یہ نقش بے حد مجرب ہے۔ ہر فرد اپنے لیے نقش بنا سکتا ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کے دوسروں کو بھی اس سے مستفید کریں تو اسی چاند گرہن میں اسکی زکات اصغر ادا کریں جسکے دو طریقے ہیں پہلا یہ ہے کے آپ گرہن کی ابتداء کے چند منٹ بعد سے نقش لکھنا شروع کر دیں اس طرح کے گرہن کے اختتام سے ۳۰ منٹ پہلے نقش لکھ چکے ہوں اس زکات کے لیے نقش لکھنے کی تعداد ۳۱۲ ہے مگر یہ طریقہ مشکل ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ درج ذیل 13 اسماء الحسنیٰ کو ۳۱۲ کی تعداد میں بنیت زکات پڑھ لیں یہ زکات آسان بھی ہے اور مفید بھی اسی طرح آپ سورہ فاتحہ سورہ فلق والناس سورہ اخلاص کی زکات ادا کر سکتے ہیں اس زکات پر آپ ایک سال کیلئے عامل ہو گئیں اگلے سال دوبارہ چاند گرہن میں زکات ادا کرنی ہوگی زکات ادا کرنے کے بعد روزانہ 13 بار اس عمل کی مداومت لازمی کریں۔ ہمارے معاشرے میں اکثر ازدواجی مسائل گھریلو ناچاقی شوہر یا بیوی کی طرف سے بے رخی اور محبت میں کمی وغیرہ کیلئے ایک مجرب عمل دیا جا رہا ہے جو کہ نہایت آسان عمل ہے۔ جس سے صرف شادی شدہ افراد ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

میاں بیوی میں محبت کیلئے خاص عمل

گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورہ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیک محبۃ فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) علیٰ محبۃ فلاں بنت فلاں (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) کما الفت بین آدم و حوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمدؐ و خدیجۃ الکبریٰ و اصلح بین ھما اصلاحاً فیہ ابداً

اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنا لیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔ خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو ہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں،

ناجائز و ناپسندیدہ تعلق کا خاتمہ

اکثر والدین اپنے بیٹے یا بیٹی کی ایسی محبت یا وابستگی سے پریشان رہتے ہیں جو ان کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا لڑکا یا لڑکی ایک غلط راستے پر چل رہے ہیں۔ ایسی صورت میں طریقہ یہ ہے کہ گرہن کے وقت کسی علیحدہ کمرے میں مندرجہ ذیل سطور کسی سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں اور تعویذ کو کسی بھاری وزنی چیز کے نیچے دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں، انشاء اللہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہو جائیگی۔

"احد رسص طعک لموہ لادیا یا غفور یا غفور بستم تعلق فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں عَقدَت قُلوبھم ابداً یا حراکیل بحق یا قابض یا مانع العجل العجل الساعۃ الساعۃ"

نوٹ: خیال رہے حروف صوامت کی اعمال اور دیے گئے چاند وسورج گرہن کے اعمال سے سوچ سمجھ کر فائدہ اٹھایا جائے۔ میاں بیوی کی محبت کا عمل کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچ لیں کہ آیا ہم اپنے شرعی اور فطری حقوق کی ادائیگی کر رہے ہیں یا نہیں۔ اسی طرح ناجائز تعلقات کے عمل میں بھی غور وفکر سے کام لیں۔ اگر بچہ یا بچی حقیقی معنوں میں کسی کو پسند کرتے ہیں اور شادی کرنا چاہتے ہیں اور لڑکا یا لڑکی میں کسی قسم کی برائی بھی نہیں اور زاتیوں کی میچنگ بھی اچھی ہے تو بلاوجہ والدین یا سرپرست اپنی انا کی خاطر ان اعمال سے گریز کریں۔ آئندہ ماہ کے لئے اجازت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

مجرب وظائف ہمزاد

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ

قارئین تحفہ روحانیات! نئے سال کی ڈھیروں مبارکباد ہوں اللہ تعالیٰ آپ سب کو ہر طرح کے غم و پریشانی سے دور رکھے۔ (آمین)

میری جانب سے محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو مزمل روحانی جنتری 2020ء کی اتنی شاندار اشاعت پر مبارکباد دیتا ہوں۔ مزمل روحانی جنتری 2020ء میں پہلے سے اچھے مضامین جو کہ نجوم اور وظائف میں بہت زیادہ مددگار ہونگے۔ جنتری میں جتنی آسان تقویم شائع کی گئی ہے اس کی مثال نہیں ملتی کیونکہ اکثر جنتریوں میں تقاویم تو شائع کردی جاتی ہیں مگر اس میں سمجھ نہیں آتی اور اکثر جنتریوں میں تقاویم بھی درست نہ ہے۔ مزمل روحانی جنتری 2020ء میں یہ سال کیسا رہیگا جتنا آسان لفظوں میں بیاں کیا گیا ہے اتنا آسان اور مفصل کسی بھی جنتری میں شائع نہیں کیا گیا ہے۔

جیسا کہ قارئین تحفہ روحانیات کو معلوم ہے کہ میں گزشتہ چند ماہ سے اعمال مجربہ کے عنوان سے مضمون شائع کروا رہا ہوں جس میں ہمیشہ مجرب اعمال، وظائف اور نسخہ جات شائع کرواتا رہا ہوں۔ جسے قارئین تحفہ روحانیات نے بے انتہا سراہا اور جتنی محبت مجھے تحفہ روحانیات سے ملی اتنی کبھی کسی اور ادارہ یا رسائل سے نہ ملی اسی لئے میں تحفہ روحانیات اور اسے سے جڑے ہر انسان کیلئے خصوصی دعا گو ہوں۔ چند دوستوں کے اصرار پر تحفہ روحانیات کے ان قیمتی صفحات پر ہمزاد سے متعلق چند مجربات پیش کر رہا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین میری جانب سے ان شائع کردہ وظائف کو اپنے استعمال میں لا کر ضرور آگاہ کریں گے۔ دیئے گئے وظائف میں اگر کسی قسم کی کوئی مشکل پیش آئے تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے براہ راست معلوم کر سکتے ہیں ان شاءاللہ مکمل راہنمائی کی جائیگی۔

مجرب وظیفہ ہمزاد

وظیفہ نمبر 1:۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُم وَعَزَمْتُ علیکم یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَبِحُرْمَتِ جِبْرَائِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ وَعِزْرَائِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَا قَوْمِ ھٰمَزَاد حَاضِرْ شُوْ۔

طریقہ وظیفہ:۔ باوضو ہو کر علیحدہ جگہ انتخاب کریں جہاں کوئی آدمی یا عورت یا بچہ کم آتا جاتا ہوں یا علیحدہ کرایہ پر مکان لے لیں اگر کوئی جگہ نہیں ملتی جائے نماز پر بیٹھ کر پہلے اپنے پشت کے پیچھے چراغ جلائیں جس میں تیل صاف ہو اگر خوشبو ڈال لیں تو زیادہ بہتر ہے یا ساتھ اگربتی لگائیں نئی روئی کا فتیلہ بنا کر ڈالیں اگر روئی کسی ایسے کھیت سے حاصل کر لیں جہاں سے پہلے کسی نے نہ توڑ ہو تو جلدی کامیابی حاصل ہوگی۔ مجبوری میں بازار سے لے لیں، رات گیارہ یا رات دو بجے یہ کام شروع کریں ہمیشہ ٹائم ایک رکھیں اس طریقہ پر بیٹھیں چھری پر دَم کر کے اپنے چاروں طرف لکیر فرش پر یا کچی زمین پر لگا دیں یہ دائرہ کھلا لگائیں اگر آپ لیٹنا چاہیں تو لیٹنے پر لکیر دور رہے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف ابراہیمی یا درود حاجات پڑھیں، پھر اُوپر لکھی عبارت گیارہ سو بار پڑھیں، پھر آنکھیں بند کر کے اپنا تصور کریں۔ یہ تصور پندرہ منٹ کریں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دُعا مانگ کر تین بار آیت الکرسی، تین بار سورۂ اخلاص گیارہ بار درود شریف پڑھ کر حصار ختم کرنے کی نیت سے کچھ لکیر مٹا دیں، وہاں سے گزر کر جہاں چاہیں آرام کریں اگر وہیں یا آس پاس سو جائیں تو زیادہ بہتر ہے یہ طریقہ اکتالیس دن کریں اِکیس دن میں زبردست باتیں اور واقعات دیکھیں گے اور سُنیں گے لیکن کوئی توجہ نہیں کرنی، دن رات اپنے مقصد کا تصور کرتے رہیں چلتے پھرتے کام کاج کرتے درود شریف پڑھتے رہیں۔ دماغی پریشانی سے دُور رہیں گے، آج کل کے دور میں حاضری رکھنا بہت مشکل ہے اس لئے حاصل ہونے پر اپنے کام کا کہہ دیں یہ کر دیں آپ آزاد ہیں وہ فوراً کام کر دیں گے اگر مستقل کرنا چاہیں تو دوبارہ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں اور حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی قسم حضرت شیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کی لیں مجھے اور میرے رشتہ دار کو تنگ نہیں کریں گے اور میری لاش کی بے حرمتی نہیں کریں گے میں کام کیلئے پڑھتا تھا بعد میں آزاد کر دیتا تھا اب تک ہر طرح سے بے خوف ہوں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہے اس لئے مشورہ دیا سوتے وقت حصار کر کے سوئیں پہلے صدقہ دے لیں اور کسی بزرگ سے اجازت لے لیں۔

وظیفہ نمبر 2:۔ عَزَمتُ علیکم وَاَقسَمتُ عَلَیکُم رَبِّ جبرائیلُ علیہ السلام وَمیکائیلُ علیہ السلام وَاِسرافیلُ علیہ السلام وَعِزرائیلُ عَلَیہِ السَّلامُ یَا الٰھی ھمزاد رجوع شو وَبحُرمَتِ یَا بُدُوحُ ھَمزَادُ حَاضِر شَوُ حَاضِرْ شَو اَلسَّاعَت اَلسَّاعَت اَلسَّاعَت۔

طریقہ :۔ روزانہ نہادھو کر وضو کر کے جائے نماز پر بیٹھیں منہ مشرق کی طرف ہو پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر گیارہ بار آیت الکرسی پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اپنے گرد حصار کریں اس کے بعد چاروں قُل تین بار پڑھیں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے یہ ہاتھ اپنے جسم پر پھیر لیں اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک بار پڑھ کر اِکیس بار درود شریف پڑھیں پھر عبارت ودر 2000 بار پڑھیں، پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مطلب کی دُعا کریں اس کے بعد اپنی آنکھیں بند کر کے اپنے ہمزاد کا تصور کریں سامنے ہاتھ باندھے کھڑا ہے میری تابع داری کے لئے آدھ گھنٹہ یہ تصور رکھیں پھر آنکھیں کھول کر سجدہ میں دُعا کریں اِس کے بعد درود شریف پڑھ کر جہاں سے باہر نکلنا ہے لکیر مٹا دیں باہر نکل آئیں یا اِسی حصار میں سو جائیں حصار کھلا ہونا چاہئے اگر کوئی غلطی ہو جائے تو آدمی حصار کے پاس یعنی اندر ہی رہے اِس وظیفہ کو کرنے سے پہلے اپنے نام سے معلوم کریں آپ کی طبیعت آبی ہے خاکی ہے آتشی ہے بادی ہے اپنے اُستاد صاحب سے پوچھ لیں یا خود معلوم کر لیں اگر سمجھ نہ آئے تو اپنے نام کے اعداد نکال کر چار پر تقسیم کر لیں۔ مثلاً کوئی شخص ظفر محمد ہے اس کے عدد یہ بنے۔

ظ۹۰۰+ف۸۰+ر۲۰۰+م۴۰+ح۸+م۴۰+د۴=۱۲۷۲

جمع کرنے سے ۱۲۷۲ کو چار پر تقسیم کیا

نیچے صفر آیا مزاج خاکی بنا یہ وظیفہ بغیر چراغ کے کرنا ہوگا یعنی آنکھیں بند کر کے اور زمین پر بیٹھ کر اگر تقسیم کرنے سے نیچے ایک بچے تو مزاج آتشی پیچھے چراغ جلا کر سایہ پر نظر رکھ کر۔ دو بچے تو بادی مزاج پھر بھی چراغ جلا لیں کیونکہ آگ باد میں دوستی ہے اور درخت کے پاس وظیفہ کریں ہوا چلتی رہے اگر تین بچے تو آبی مزاج آپ کا ہے، آپ دریا کے کنارے نہر کے کنارے یا سامنے پانی رکھ کر اس میں چہرہ پر نظر رکھ کر آپ کو ورد کرنا ہوگا، وظیفہ سے پہلے صدقہ دیں، حسب توفیق کوئی چیز پکا کر ختم شریف پڑھائیں۔ یا خود ایک سو ایک بار درود شریف گیارہ بار سورۂ اخلاص تین سورۂ فاتحہ ایک سو بار درود شریف پڑھ کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمام بزرگانِ دین مؤمنین مؤمنات جو اِس وقت تک مسلمان فوت ہو چکے ہیں ان کی اَرواح مبارک کو اِس کلام کا ثواب اور جو کھانا پکوایا ہے اِس کا ثواب پہنچا کر خود کھائیں، محلے داروں کو کھلائیں، چھوٹے بچوں کو کھلائیں، ان سے اپنے لئے دُعا کرائیں پھر عمل شروع کریں حاضری پر دوبارہ آنے کا طریقہ اور اپنی اور اہل عیال کی حفاظت کی ضمانت لے لیں، دنیا میں پھر کر دیکھیں جو عامل فوت ہو چکے ہیں، ان کی اولاد پریشانیوں، مصیبتوں میں ہے، یہ چیزیں ان لوگوں کے فوت ہونے کے بعد اِن کے خانہ داروں سے انتقام لے رہے ہیں، انہوں نے اِن سے معاہدہ نہیں کیا خوشی میں تسخیر کا وعدہ لے لیا اس وجہ سے میرا مشورہ یہی ہے اپنا کام جائز لے کر آزاد کر دیں زیادہ بہتر ہے آگے آپ مرضی کے مالک ہیں۔

وظیفہ نمبر 3:۔ یَا ھَمزَادُ حَاضِرْ شُوُ حَاضِرْ شُوُ حَاضِر شُوُ بَحَقِ سُلَیمَانَ بنِ داوٗد بَحَقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ۔

ترکیب :۔ اس ورد کو رات تہجد کی نماز نفل بار رکعت دو دو کر کے پڑھ کر کرنا ہوگا۔ علیحدہ جگہ پاک صاف ہو دوسرا کوئی نہ ہو، اپنے پیچھے چراغ جلائیں پھر حصار کریں حصار کی لکیر کے اندر چراغ ہو حصار چاروں قل شریف ایک ایک بار پڑھیں۔ آیت الکرسی تین بار پڑھیں، سورۂ فاتحہ تین پڑھیں۔ عمل کی تعداد 2800 بار ہے۔ درود ابراہیمی تین بار پڑھ کر چھری پر دم کر کے اپنے گرد کھلا دائرہ گیارہ بار کڑا سے نکلنے سلامتی کیلئے نیت کر کے پڑھ کر لکیر مٹا کر جا سکتے ہیں وہیں بھی سو سکتے ہیں وہیں وظیفہ کی جگہ زیادہ بہتر ہے۔ یہ طریقہ اٹھائیس رات کرنا ہے پرہیز جلالی جمالی رکھیں سارا دن درود شریف کلمہ شریف کا وِرد حاضری ہمزاد کا تصور کر کے کرتے رہیں اگر اعتکاف کر لیں تو زیادہ بہتر ہے کسی چیز کو حاصل کرنے کیلئے کچھ کھونا پڑتا ہے

جہاں گل وہاں خار

یہ فقرہ مشہور ہے بزرگوں نے رب کو پانے کیلئے وطن چھوڑے دنیا چھوڑی، جنگل میں ڈیرہ لگا کر عبادت کی کئی سال تک۔

اطلاع قارئین ونیوز ایجنٹ

اٹک میں مقبول عام کتب خانہ کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

مقبول عام کتب خانہ
اردو بازار اٹک
0321-5715076

نقوش قرآنی

علم حاضرات

تحریر
خضر عباس پیاسی
(راجن پور)

خواص سورۃ معارج :۔جس شخص کو احتلام بہت ہوتا ہو آٹھ مرتبہ سورۃ معارج کو پڑھے یا اس سورۃ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے کل اعداد ۷۳۵۲۵ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔

۷۸۶

۱۸۳۱۱	۱۸۳۴۸	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۲۸	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۸

خواص سورۃ نوح :۔جب کسی کو دشمن ایذا دے اور اس کا دفع کرنا ممکن نہ ہو ہزار بار سورۃ نوح پڑھے دشمن دفع ہوگا اور اگر نقش اس کا اپنے پاس رکھے اعداد پر ظفریاب رہیگا۔اس کے کل اعداد ۷۴۴۱۳ ہیں۔

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۶	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۰۶	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

خواص سورۃ جن :۔واسطے تسخیر جن یا پری کے سات بار سورۃ جن پڑھے یا ایک ہزار سات نقش لکھے۔جن و پری مسخر ہوں اس کے کل اعداد ۶۰۶۳۳ ہیں۔

۷۸۶

۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۲
۲۰۲۰۹	۲۰۲۱۱	۲۰۲۱۳
۲۰۲۱۰	۲۰۲۱۵	۲۰۲۰۸

خواص سورۃ مزمل :۔جو کوئی سورۃ مزمل کا ورد کرے زیارت سید کائنات ﷺ سے مشرف ہو اور جس مشکل کے آسان ہونے کیلئے پڑھے مشکل آسان ہو۔اگر نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے بفضل خدا تعالیٰ اچھا ہو اس کے کل اعداد ۶۸۴۶۶ ہیں۔

۷۸۶

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۰۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۶۶	۲۲۸۰۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۷

خواص سورۃ مدثر :۔جو کوئی محتاج ہو اس سورۃ کا ورد کرے امیر ہو جائیگا۔اگر کسی لڑائی پر جائے تو اس کا نقش اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں پر غالب رہیگا۔

۷۸۶

۳۰۷۸۸	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۶
۳۰۷۸۳	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۷
۳۰۷۸۴	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۲

خواص سورۃ الناس :۔واسطے دفع ہونے سحر کے سورۃ ناس سو بار پڑھے اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔اس نقش کے کل اعداد ۵۲۹۶ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔

۷۸۶

۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۷	۱۲۲۳
۱۳۲۸	۱۳۲۲	۱۳۱۷	۱۳۲۹
۱۳۲۱	۱۳۲۵	۱۳۳۲	۱۳۱۸
۱۳۳۱	۱۳۱۹	۱۳۲۰	۱۳۲۶

خواص سورۃ نبا :۔جس شخص کو ضعف بصارت ہو وہ سورۃ نبا کر پڑھے۔روشنی زیادہ ہوگی اور نقش کو لکھ اپنے پاس رکھے اور ایک گھول کو روز پئے اور آنکھوں پر لگائے۔اس کے کل اعداد ۵۲۶۵۶ ہیں۔

۷۸۶

۱۷۵۵۵	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۳
۱۷۵۵۰	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۴
۱۷۵۵۱	۱۷۵۵۶	۱۷۵۴۹

حاضرات اسم سید المرسلین عبد اللہ:۔
حاضرت اسم سید المرسلین "عبداللہ" کے خادم موکل "بمقائیل" کیلئے نوچندی جمعرات یا جمعہ کی رات سے ذیل کے حاضرات عمل کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں بعد چلہ بچی یا بچے پر حاضرات کریں ان شاء اللہ تعالیٰ حاضرات ہوگی۔ موکل جب حاضر ہو اپنے مقصد کے مطابق ان سے سوالات کریں۔ آپ کو بالکل صحیح جواب ملیں گے بعد 11 مرتبہ حاضرات کے ورد کو روزانہ رات سونے سے پہلے پڑھ لیا کریں تاکہ حاضرات آپ کے پاس رہیں۔

عبارت :۔ اقسمت علیکم یا بمقائیل بحقِ یا عبداللہ حاضر و حاضرات سب حکم میں **بحقِ تورات موسیٰ وانجیل عیسیٰ بحقِ زبور دائود و قرآن محمد رسُول اللہ"** ۔حاضر شو_____ حاضر شو۔



حاضرات اسم سرکار مدینہ "کلیم اللہ":۔
رات علیحدہ پاک وصاف کمرے میں احرام زیب تن کر کے پہلے دو رکعت نماز برائے ایصال ثواب سرکار مدینہ ادا کریں (الحمد شریف کے بعد ۳،۳ مرتبہ سُورۃ اخلاص پڑھیں اس کے بعد حاضرات کے عمل کو ۱۳۷ مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل آپ نو چندی اتوار کی رات سے شروع کریں بعد چلہ حاضرات بذریعہ نقش نابالغ بچی یا بچے پر کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسم سرکار مدینہ "کلیم اللہ" کے موکل "زلقائیل" کی حاضری ہوگی۔ حاضرات ہونے پر اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں۔



حاضرات اسم نبی کریم "حبیب اللہ":۔ موکل "حفائیل" جو اسم نبی کریم "حبیب اللہ" کا خادم ہے۔ اسکی حاضری کیلئے آپ مندرجہ ذیل حاضرات کا عمل اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں یہ عمل آپ نے نو چندی اتوار کی رات سے شروع کرنا ہے بعد چلہ کسی بچی یا بچے پر انگوٹھے یا نقش پر حاضرات کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاضرات کا نزول ہوگا۔ جب موکل حاضر ہو آپ اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں۔

عبارت :۔ اُخضُرُوُ من جانب المشارق والمغارب اُخضُرُوُمنُ جانب الجنوب والشمال یَاحفائیل بحقِ یَاحَبیب اللہ بحقِ سلیمان بن دائود علیہ السّلام بحقِ لا الٰہ الّا اللہ محمد رسُول اللہ"۔



حاضرات اسم خاتم الانبیاء "نجی اللہ":۔ کینہ پروری، بغض وحسد اور انتقامی جذبات سے اپنے قلب وذہن کو پاک وصاف کر کے حاضرات اسم خاتم الانبیاء نجی اللہ کے موکل خادم "طلقائیل" کے عمل کو نو چندی اتوار کی رات سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد یا پھر ۱۲۹ مرتبہ پڑھیں بعد چلہ بچی یا بچے پر حاضرات کریں انشاء اللہ تعالیٰ موکل کی حاضرات ہوگی۔

عبارت :۔عزمت علیکم یا طکقائیل بحقِ یا نجی اللہ اقسمت علیکم یا طکقائیل بحقِ یا نجی اللہ ۔ بحقِ یا بدوح یا بدوح یا بدوح بحقِ سلیمان بن دائود علیہ السلام حاضر کرو حاضرات کرو حاضرات یَاطکقائیل بحقِ یااللہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوُم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔



لاجواب استخارہ

تحریر
نبیل مزمل
ملتان

قارئین تحفہ روحانیات کو نئے سال کی ڈھیروں خوشیاں نصیب ہوں اللہ تعالیٰ مومنین پر صدقہ محمد وآل محمد کبھی ان پر کوئی غم نہ آنے دے ۔میری دعا ہے کہ 2020ء تمام قارئین تحفہ روحانیات کیلئے خوش نصیب سال ثابت ہو (آمین)

قارئین تحفہ روحانیات !استخارہ کی اہمیت سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا مگر ہمارے بزرگوں نے جو بھی وظیفہ ترتیب دیا وہ صرف دنیاوی باتوں مثلاً رشتہ کا نہ ہونا، پریشانیوں سے نجات اور کاروباری اُلجھنوں وغیرہ تک محدود وظیفہ بنا دیا گیا حالانکہ ہر وظیفہ میں ضروری نہیں کہ ایک خاص مقصد کیلئے محنت کی جائے اگر انسان ذاتی طور پر اپنی اصلاح کرنا شروع کر دے تب بھی بغیر وظیفہ کئے کوئی نہ کوئی نجات کا رستہ نکل آتا ہے اور اگر کسی وظیفہ کے ذریعے اپنے رب سے جائز مقصد کیلئے کچھ مانگا جائے تو اللہ ضرور اپنی رحمت کا نزول کرتا ہے لہٰذا لکی نمبر جیسے مشکل ترین مقصد میں کامیابی کیلئے وظیفہ کرنا ہو تو صاف ظاہر ہے زبان کی پاکیزگی، نظر کی پاکیزگی ضروری فعل ہو جاتا ہے اور اس کے علاوہ دل میں نا اُمیدی نہ پیدا ہونے دی جائے صرف یہی تصور کیا جائے کہ میرا اللہ مجھے ہر صورت میں کامیابی عطا کرے گا پھر میرا دعویٰ ہے کہ اللہ تعالیٰ رحمت سے آپکی جھولیاں ضرور بھر دے گا۔

میں نے عرصہ دراز سے لکی نمبر کے حصول کیلئے وظیفہ کئے، اکثر ناکامی ملتی رہی مگر چند خاص وظیفہ ایسے بھی ہاتھ آئے جن کی تاثیر سے بار بار کامیابی ملی انہی اعمال میں سے منتخب کیا ہوا وظیفہ حاضر ہے۔

یہ وظیفہ ہمزاد کی دنیا کا لاجواب وظیفہ ہے اس وظیفہ کو ایک خاص طریقہ سے اور خاص وقت پر کیا جائے تو گیارہ روز میں ہمزاد کی حاضری تسخیر میں آجاتی ہے مگر میں یہاں حاضرات کے راز نہیں بتاؤں گا کیونکہ بہت سے لوگ کتابوں سے وظیفہ چُن کر وظیفہ کرنے بیٹھ جاتے ہیں اور پھر رجعت کا شکار ہو کر عمل کے لکھاری کو گنہگار بنا دیتے ہیں کیونکہ ہمزاد کی تسخیر بغیر لوح ہمزاد اور بغیر کامل استاد کے کامیابی آج کے دور میں ناممکن ہے۔ صاف ظاہر ہے ان باتوں کو نظر انداز کر کے وظیفہ کرنا خطرے سے خالی نہیں ہے لیکن میں نے اسی وظیفہ سے خاص طریقہ اختیار کر کے لکی نمبر کے حصول کیلئے نایاب اور بے مثال بنا دیا ہے اس وظیفہ سے صاف، شفاف اور درست نمبر دکھایا جاتا ہے جو کسی بھی صورت میں بدلتا نہیں ہے ایمان کی قوت چاہئے اللہ مسبب الاسباب ہے ان شاء اللہ کامیابی ضرور ملے گی، مگر یہاں ایک بات واضح کر دوں استخارہ میں کامیابی کا زیادہ بڑا مسئلہ نہیں ہے صرف دیکھے گئے نمبرات کو درست بنانا اپنے اختیار میں ہوتا ہے کیونکہ استخارہ کے نمبرات کو جتنا رازی میں رکھا جاتا ہے اُتنا ہی زیادہ نمبر کے آنے کے چانس ہوتے ہیں اس لئے ہر بات کو صیغۂ راز ضرور رکھا جائے ورنہ نا اُمیدی اور مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

دُنیا کے کسی بھی کونے میں چلے جائیں پرائز بانڈ یا لاٹری کے درست نمبرات دیکھنا کوئی مشکل نہیں ہوگا۔ اس وظیفہ میں کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ چند احتیاط بہت ضروری ہیں مگر پاک بدن رکھیں، لباس سفید پہن کر وظیفہ کریں جب بھی نمبر کو معلوم کرنا ہو کسی بھی بدھ کی رات شروع کریں تین دن وظیفہ کریں اور اگر کامیابی مل جائے تب بھی ایک دن ناغہ کریں اور پھر شروع کر دیں اس طرح درست نمبر آجائیگا، کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ پہلے دن پہلا ہندسہ دکھا دیا اور اگلے روز دوسرا ہندسہ، اس طرح آخری روز مکمل اور واضح آنے والی قرعہ اندازی کا نتیجہ دکھا دیا جائیگا اس طرح وظیفہ میں دکھائے گئے نمبرات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے تو بالکل سمجھ آجائے گی دوران وظیفہ حلال کھائیں اور نازیبا الفاظ سے بچیں کامیابی ضرور ملے گی جو وظیفہ ورد کیا جائے گا۔

''اَللّٰھُمَّ وَکُلَّ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنَ وَ اَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ''

اوّل آخر درود پاک 41 بار پڑھا جائے گا اور ان الفاظ کا ورد بھی 41 بار ہی کیا جائیگا، وظیفہ شروع کرنے سے پہلے تین عدد اگربتی ضرور سُلگائیں وظیفہ میں ناکامی نہ ہوگی، بعد کامیابی اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں، اللہ تعالیٰ ہم سب پر اپنا کرم کرے۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ادارہ روحانیات



ایام ماہ قمری

تحریر:۔ سحر کاظمی (اسلام آباد)

میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو مزمل روحانی و جعفریہ جنتری 2020ء اتنی شاندار شائع کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ صدقہ محمدؐ و آل محمدؐ کے ادارہ روحانیات کی شائع ہونے والی تمام کتب' جنتریاں، روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کو بلندیوں کے اُس مقام تک پہنچائے جہاں اس کا کوئی ثانی نہ ہو۔

کتاب الارواح الواقیہ میں سید ابن طاروس نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے ایک روایت نقل کی ہے کہ ماہ قمری کے تیس دنوں میں انسان کون کون سے اعمال بجالانے چاہیں۔ میں نے اپنے بھائیوں سے یہی اپیل کرنی ہے اگر اعمال امامؑ کے فرمان کے مطابق سرانجام دیئے جائیں تو اس میں نقصان نہیں فائدہ ہی فائدہ ہوتا ہے۔

پہلا دن: ۔یہ نیک دن ہے اللہ تعالیٰ نے اس دن حضرت آدم اور حضرت محمد ﷺ کو خلق کیا تھا اس دن اعلیٰ حکام، افسروں کے پاس جانا، خرید و فروخت کرنا، مسافرت پر جانا حاجات طلب کرنا بہتر ہے۔

دوسرا دن: ۔بہت ہی بابرکت ہے جناب سیدہ حوا کو اس دن خلق کیا یہ دن تعمیر سفر پر جانا حاجات طلب کرنا بہتر ہے اس دن جو بیمار ہوگا وہ جلدی شفایاب ہو جائے گا۔

تیسرا دن: ۔یہ دن بہت ہی منحوس اور نامبارک ہے اس دن حضرت آدمؑ اور حوا کو جنت سے نکالا تھا اس دن نیا کام شروع کرنا مناسب نہیں اس دن کوئی بھی کام اچھا نتیجہ نہیں رکھتا اگر کوئی انسان گم ہو گیا تو واپس نہیں آئیگا۔

چوتھا دن: ۔زراعت شکار کرنے کیلئے بہتر جو شخص اس دن فرار کر جائے یا گم ہو جائے نہ ملے گا اس دن سفر کرنا مکروہ ہے جو بچہ پیدا ہو وہ مبارک ہوگا۔

پانچواں دن: ۔یہ دن برا اور نحس ہے قابیل (پہلا قاتل) اس دن متولد ہوا اس دن اس نے اپنے بھائی کو بے جرم قتل کیا اس دن کوئی بھی کام کرنا اچھا نتیجہ نہیں رکھتا۔

چھٹا دن: ۔اس دن ازدواج کرنا حاجات طلب کرنا، سفر کرنا سب بہتر ہے کوئی شخص فرار ہو جائے یا گم ہو جائے جلد ملے گا۔ اس دن کوئی نیا کام کرے تو بہتر ہو۔ یہ دن ہر کام کیلئے بہتر ہے۔

ساتواں دن: ۔ہر کام کیلئے نیک ہے خرید و فروخت مکان تعمیر کرنا بہتر ہے افسران کے پاس کسی کام کیلئے جانا بہتر ہے آج کے دن محبت پیار کے نقش لکھنا اثر رکھے گا۔ کسی بھی نئے کام کا آغاز بہتر ہوگا۔

آٹھواں دن: ۔ہر کام کیلئے بہتر ہے خاص کر خرید و فروخت کیلئے اس دن مولود کی عمر لمبی ہوگی۔ سفر کرنا، کاروبار کا آغاز کرنا بہتر ہوگا۔ افسران کے پاس حاجت کیلئے جانا بہتر ہوگا۔

نواں دن: ۔ہر کام کیلئے اچھا دن ہے تجارت کرنا۔ کاروبار کرنا کوئی چیز گم ہو جائے تو جلد مل جائیگی، اس دن سفر پر جانا بہت ہوگا اس دن برکت ہی برکت ملے گی۔ اس دن ہر آنے والے کا قدم مبارک ہوگا۔

دسواں دن: ۔نیک دن ہے حضرت لوح اس دن دنیا میں آئے خرید و فروخت کرنا اچھا ہے اس دن افسران کے پاس جانا اچھا نہیں جو اس دن فرار ہوگا پکڑا جائیگا۔ دوپہر کے بعد مغرب سے پہلے دشمن کو زیر کرنے کے نقش اثر کریں گے۔

گیارھواں دن: ۔حضرت شیث بن آدم پیدا ہوئے بیمار جلد صحتیاب ہوگا۔ اس دن پیدا ہونے والا اچھی زندگی گزارے گا۔ گمشدہ آدمی صحیح و سالم رہے گا۔ اس دن صبح کا آغاز صدقہ سے کریں فقر کو خرات دیں۔

بارھواں دن: ۔یہ دن سب کاموں کیلئے اچھا ہے اس دن محبت کے نقش میں زبردست طاقت ہوتی ہے ناراض بیوی گھر آتی ہے اس دن کسی بھی پروگرام میں شرکت بہتر رہتی ہے۔

تیرھواں دن: ۔یہ نحس دن ہے افسران سے رابطہ بہتر نہیں ہوگا۔ اس دن بیمار ہونے والا صدقہ ضرور دیں ورنہ بیماری مزید بڑھ جانے کا خطرہ ہے اس دن اپنا صدقہ بھی ضرور دیں چاہے چینی اور سوجی چیونٹیاں کو ہی ڈال دیں یا پرندوں کو دانا ڈال دیں۔

چودھواں دن: ۔ہر کام کیلئے نیک ہے علم و دانائی کی طلب کیلئے اچھا دن ہے سفر کیلئے اچھا دن ہے۔ بیمار جلد شفا پائے گا، صبح اٹھ کر چھ مرتبہ سورۃ توحید پڑھ کر دائیں بائیں اوپر نیچے آگے پیچھے دم کر

لیں خیر وعافیت سے تمام دن گزرے گا۔

پندرھواں دن: ۔ہر کام کیلئے اچھا ہے قرض لینا یا دینا ٹھیک نہیں اس دن سفر خیر و برکت کا وسیلہ بنے گا۔ بیمار شفا پائے گا۔

سولھواں دن: ۔مکمل نحس دن ہے جو بھی اس دن آخری حصہ میں سفر کرے کوئی نیا کام نہ کرے آج صدقہ ضرور نکال دیں اگر کسی سے ناراضگی ہونے کا خطرہ ہے بہتر ہے خاموش رہے۔

سترھواں دن: ۔یہ دن میانہ ہے اس دن قرض دینے سے اجتناب کریں۔ یہ دن خرید و فروخت کیلئے اچھا ہے۔ افسران کے پاس جانا اچھا ہے۔ بیماری کے نقش بنانا اچھا ہے مولود کیلئے دن اچھا ہے گمشدہ چیز مل جائے گی۔

اٹھارھواں دن: ۔بہت بابرکت دن ہے کھیتی باڑی، سفر پر جانا معاہدہ کرنے نکاح کرنا سب بہتر ہے، بیمار ہوا تو جلد صحت پائے، پریشان ہو تو جلد پریشانی ختم ہوگی، ناراض ہو تو صلح ہوگی۔

انیسواں دن: ۔باسعادت اور مبارک دن ہے روزگار کی تلاش کیلئے خرید و فروخت حاجت طلب کرنے علم حاصل کرنے کیلئے بہتر ہے۔ گمشدہ جلدی ملے گا، ہر کام میں برکت ہے۔

بیسواں دن: ۔میانہ اور متوسط دن ہے سفر پر جانے حاجات پوری کرنے حاجات روائی کے واسطے، تعمیرات مکان کیلئے اچھے کاموں کیلئے نقش لوح بنانا بہتر ہے، دشمن دور رہے گا۔

اکیسواں دن: ۔بہت ہی منحوس دن ہے اس دن کوئی نیا کام نہ کریں حاجت طلب پوری نہ ہو اس دن صدقہ ضرور نکال دیں کمشدہ مشکل سے ملے گا سفر بہتر نہیں۔

بائیسواں دن: ۔بہت نیک اور صالح دن ہے خرید و فروخت کیلئے بہتر ہے، صدقہ دینا حاجت طلب کرنا افسران کے پاس جانا مناسب ہے مسافر سفر کرے تو اپنی مراد کو پائیگا۔

تئیسواں دن: ۔شادی کرنے کیلئے بہتر ہر کام کیلئے بہتر دن ہے۔ مبارک دن ہے۔

چوبیسواں دن: ۔نحس دن ہے فرعون اس دن پیدا ہوا تھا اس دن بیمار سختی دیکھے گا۔ مولود کی زندگی سخت اور دشوار گزرے گی۔

پچیسواں دن: ۔بہت ہی منحوس دن ہے اس دن میں مصیبتیں بہت ہیں فرعون پر تمام آفتیں اور عذاب اس دن اترے اس دن نیا کام شروع نہ کیا جائے۔ بیمار بہت تکالیف دیکھے صدقہ ضرور دینا چاہیے اس دن خوشی نہ کی جائے۔

چھبیسواں دن: ۔یہ وہ دن ہے جس میں حضرت موسیٰؑ نے اپنا عصاء دریا میں مارا تھا اور دریا دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اس دن سفر کرنا اچھا ہے۔ شادی نکاح کیلئے بہتر ہے۔

ستائیسواں دن: ۔بہت ہی مناسب، نیک، مبارک دن ہے ہر کام کو حل کر سکتے ہیں۔

انتیسواں دن: ۔نیک اور اچھا دن ہے قرض دینا لینا بھی مبارک ہے۔

تیسواں دن: ۔اچھا اور نیک دن ہے قرض دینا لینا اچھا ہے ہر کام کیلئے نیک دن ہے۔

معروف روحانی اسکالر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا روحانی دورہ

ملتان، راولپنڈی، اسلام آباد

جنوری 2020ء **ترتیب پروگرام ان شاء اللہ**

وقت ملاقات صبح 10 تا 04 بجے رات

ملتان	راولپنڈی	اسلام آباد
بدھ، جمعرات	اتوار، سوموار	بدھ، جمعرات، جمعہ
1-2	5-6	8.9.10
مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ	نیشنل سٹی ہوٹل لیاقت باغ چوک راولپنڈی	عثمانیہ ٹاور MPCHS سیکٹر E11/3 مرکز اسلام آباد

نوٹ:۔ملاقات کے خواہشمند حضرات آنے سے ایک دن قبل فون پر پہلے ٹائم لیں۔

رابطہ کیلئے 0300-6351192

خوابوں کے اشارے کنائے

تحریر:۔سید عاقل شاہ کاظمی (کوئٹہ)

اُمید کرتا ہوں کہ قارئین تحفہ روحانیات نے مزمل روحانی جنتری 2020ء خرید لی ہوگی کیونکہ اسے شائع ہوئے تقریباً ایک ماہ ہو چکا ہے۔ میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اتنی نایاب جنتری شائع کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ ویسے تو مزمل روحانی جنتری 2020ء مکمل طور پر ایک جنتری ہے اس میں ہر وہ چیز شائع کی گئی ہے جو کہ پورے سال میں ہر روحانی معالج اور ہر جفار اور ہر عام آدمی کو ہوتی ہے۔

اونٹ، گائے بکری اور بھیڑ کے گوشت اور ان کے رنگوں کا بیان: ۔اونٹ کی تعبیر کبھی سفر کبھی غم اور کبھی موٹے تازے عربی یا عجمی انسان سے دی جاتی ہے۔ اگر اونٹ طاقتور اور سرخ رنگ کا ہو تو یہی تعبیر ہوگی جو ہم نے ذکر کی جب کہ اونٹنی کی تعبیر عورت ہے بشرطیکہ خواب دیکھنے والا غیر شادی شدہ ہو ورنہ اس کی تعبیر سفر ملک زمین یا گھر سے دی جائے گی اونٹ پر سواری کی تعبیر سفر ہے۔ خواب میں خود اونٹ بن جانا پریشانی، غمگینی اور بیماری کے مترادف ہے جبکہ اونٹ سے جنگ یا جھگڑا دشمن سے لڑائی کے معنی میں ہے سرخ رنگ کی تعبیر عجمی آدمی سے دی جاتی ہے۔ بہت سے اونٹوں کو ہانکنا یا ان کا مالک بن جانا کسی قوم کا والی یا حاکم بننا ہے، نامعلوم اونٹ کسی بستی، محلہ یا زمین میں داخل ہو تو وہاں دشمن داخل ہوگا جب کہ اس کی تعبیر کبھی سیلاب، وبائی بیماری یا عام بیماری سے دی جاتی ہے اچھا اونٹ ہو تو دشمن، وبائی اور عام بیماری کی تعبیر بہتر اچھی اور باعث برکت ہوگی برے اور بھدے اونٹ کی تعبیر الٹ ہوگی اونٹ کے گوشت کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر ان مالوں سے دی جاتی ہے جو خواب دیکھنے والوں کی طرف منسوب ہوں کسی نے دیکھا کہ اونٹ کا گوشت کھا رہا ہے تو وہ بیمار ہوگا اونٹنی کا دودھ دوہنا کسی عورت کی طرف سے حلال مال ملنے کے مترادف ہے اونٹنی سے خون یا پیپ پینا حرام مال ملنے کے مترادف ہے اونٹنی کا دودھ خود نکالا تو نہیں لیکن پیا سمجھی تو اس کی ایک ایسے مرد سے تعبیر دی جائے گی جو مضبوط اعصاب کا مالک اور صاحب رعب و دبدبہ ہو فصیل الناقۃ اس بچہ کو کہتے ہیں جس نے اپنی ماں اونٹنی کا دودھ ترک کر دیا ہو۔ کسی کی اونٹنی اس کے پاس سے چلی گئی یا ضائع ہوگئی یا چوری ہوگئی تو اس کی بیوی اس سے جدا ہو جائے گی۔ بیل کو دیکھنے کی تعبیر شاہی معالجین میں سے ایک طاقتور اور موٹا تازہ معالج ہوتا ہے یا ایسا مرد جس سے کوئی مفاد وابستہ ہو اور وہ طاقتور ہو بشرطیکہ بیل سینگ دار ہو سینگ دار نہ ہو تو حقیر ذلیل اور پست قامت آدمی مراد ہوگا جس کی نعمت اس سے چھن جائے گی۔ گائے کی تعبیر کبھی تو سال اور کبھی عورت ہوتی ہے بیل پر سواری یا اس کا مالک ہونا بادشاہ کی طرف سے کسی عہدہ ملنے کے مترادف ہے ایسا عہدہ جس سے بھلائی میسر ہوگی اور یہ شخص بعض شاہی عہدے داروں کو قبضہ میں لے گا اور اس کی پناہ کے سبب انہیں بھلائی حاصل ہوگی بیل اس کے گھر میں داخل ہو گیا اور قابو میں آگیا تو جو مال اسے ملے گا اسے وہ حفاظت سے رکھے گا اور یہ بیل اس کی بھلائی ہیں ترقی کا سبب بنے گا بیلوں کا مالک بننا مالیات کا حاکم مقرر ہونے کے مترادف ہے جس کا نظم اس کے تحت ہوگا کسی کو بیل نے سینگ مارا تو مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے عہدہ سے معزول کر دیا جائے گا اور اس نسبت سے اسے نقصان پہنچے گا۔ سینگ کا ٹوٹ جانا مالک کے کام میں ناگواری پیش آنے کے مترادف ہے اور یہ شخص معزولی کے قریب پہنچ جائے گا بیلوں کے سینگوں کی تعبیر عزت، مال اور بھلائی ہے عورت کی بیل پر سواری بشرطیکہ وہ غیر شادی شدہ ہو تو شادی کرے گی اور شادی شدہ ہے تو اس کا شوہر اس کا فرمانبردار ہو جائے گا اور وہ اس پر سواری کرے گی اور ایسا بیل جس سے کام لیا جاتا ہے اس کے گوشت کی تعبیر مال ہے جب کہ کھال کی تعبیر اس کا ترکہ ہے۔ بیل ذبح کرنا اور اس کا گوشت تقسیم کرنا موت کے مترادف ہے بیل ایسا ہے جس سے کام نہیں لیا جاتا تو خواب دیکھنے والا اسی جگہ مر جائے گا اور اس کا مال تقسیم ہو جائے گا۔ ایسا بیل یا بچھڑا ذبح کرنا جس کی عمر ہنوز کام کرنے کی نہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ایسے شخص پر غالب ہوگا جس کے مرے بغیر اس کا مال کھا جائیگا اور یہ شخص اس کی مانند نہیں جس نے ذبح کیا اور گوشت نہ کھایا ایسے نامعلوم بیل دیکھنا جن کے چرواہے نہ ہوں ان کا کسی گھر میں داخل ہونا بیماریوں اور وباؤں کے مترادف ہے خاص طور پر جب کہ ان کے رنگ مختلف ہوں یا وہ بیل سرخ اور زرد رنگ کے ہوں۔ گائے کی تعبیر سال ہوتی ہے جیسا کہ پہلے گزرا اور کبھی عورت اور کالی گائے کی تعبیر سر

سبز سال ہوتی ہے اور جب کالی گائے جمع ہوں تو ان کے موٹاپے کے مطابق سرسبز سال مراد ہوگا، گائے دبلی ہوں تو ان کی تعبیر خشک سالی ہے موٹی تازی گائے کی تعبیر سرسبز سال سے دی جاتی ہے جب کہ خواب دیکھنے والا ان گائیوں کا مالک ہو یا وہ گائیں اسی جگہ کی ہوں۔

گائے کے گوشت اور ان کی کھال کی تعبیر

ان ''سالوں'' کے مال سے دی جاتی ہے اور پیشاب اور گوبر کی تعبیر وہ مال ہے جو وہ کمائے گا بلکہ تمام چوپایوں کے گوبر کی تعبیر مال ہی ہے ہاں ان کا حلال یا حرام ہونا ان کی بو کی نسبت ہے یہی حال گندگی اور ہر اس چیز کا ہے جو پیٹوں سے نکلے جب گندگی مقدار میں اتنی زیادہ ہو کہ وہ اس میں غائب ہو جائے تو اس سے مال حرام مراد ہوتا ہے جس میں کسی قسم کی بھلائی نہیں جب کہ گائے کے دودھ اور گھی کی تعبیر مال، سرسبزی اور مال داری سے دی جاتی ہے ہر اس شخص کیلئے جو ان کا مالک ہو گیا اور اس نے انہیں پالیا دودھ دوہنا اور پینا مالدار ہو جانا ہے جب کہ فقیر ہو مالدار ہو تو مال زیادہ ہو جائے گا غلام ہو تو آزاد ہو کر اپنی مالکہ سے شادی رچائے گا۔ گابھن گائے دیکھنا سال بھر خیر و برکت اور سرسبزی میں گزرے گا اور ایسا ہو کر رہے گا۔ مینڈھے کی تعبیر وہ جانا پہچانا شخص ہے جس کی طرف ہر ایک کی نظریں بے ساختہ اٹھیں اور وہ شریف، صاحب تو قر اپنی حفاظت کرنے والا بہادر ہو۔ مینڈھا ملنا یا اس کا مالک بن جانا غلبہ اور مال ملنے کے مترادف ہے اور یہ کسی موٹے آدمی کو اپنے قبضہ میں کرلے گا، گوشت کے مقصد کے بغیر مینڈھا ذبح کرنا یا اسے قتل کرنا مضبوط اور طاقت ور آدمی پر غلبہ پانا ہے مینڈھے کی کھال کھینچنی اس کا مال لے لینے کے معنی میں ہے اور یہ کہ ان دونوں میں جدائی ہو جائے گی اگر اس نے اس کا گوشت کھایا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کا مال کھا جائے گا۔ مینڈھے پر اس طرح سواری کہ اپنی مرضی سے اسے ادھر ادھر موڑتا ہے اس سے فائدہ پانا ہے جب کہ اپنی پیٹھ پر مینڈھا اٹھانا کسی کے خرچ کا بوجھ برداشت کرنا ہے۔ اگر مینڈھا خود اس پر سوار ہو تو کوئی موٹا شخص اس پر سوار ہوگا اور اسے بے بس کر دے گا، مینڈھے کو گرا دینا خواب دیکھنے والے کا موٹے آدمی پر غالب ہونا ہے اور اس کی قوت و طاقت ختم ہو جائے گی۔ مینڈھوں کے ریوڑ کا مالک ہو جانا شرفا اور بڑے لوگوں پر غالب ہونا ہے۔ مینڈھوں کو چرانے کی تعبیر بھی یہی ہے، قربانی کے ارادے سے مینڈھا ذبح کرنا یا مینڈھے کے علاوہ کسی اور چیز کی قربانی کی تو غلام ہو تو آزاد ہو جائے گا قیدی ہوگا تو رہا ہو جائے گا بیمار ہوگا تو صحت مند اور مقروض ہے تو اس کی خلاصی ہو جائیگی۔

بکری کی تعبیر شریف کریم اور خوش نصیب عورت ہے کسی کو بکری ملی یا اس کا مالک کھو گیا تو اسے ایسی ہی عورت ملے گی گوشت کے ارادے سے بکری ذبح کرنا اس سے فائدہ حاصل کرنا ہے بغیر گوشت کے ارادے بکری کا ذبح کرنا کسی عورت سے نکاح کرنا ہے، بکری کا گھر سے نکل جانا ضائع ہو جانا یا اس کا چوری ہو جانا اس کی بیوی کے متعلق ایسی بات کا ظہور پذیر ہونا ہے جو خواب دیکھنے والے کو بری معلوم ہوگی۔ بکری کی چربی گوشت کھال اون اور گوبر سے مراد مال اور غنیمت ہے۔ بکری کا بچہ کسی کو خواب میں بخشا گیا تو اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا گوشت کی نیت کے بغیر بکری کا بچہ ذبح کرنا اس کے خاندان کے کسی فرد یا بیٹے کی موت کے مترادف ہے بکری کے بچے کے گوشت کا کھانا اس کی وجہ سے مال حاصل کرنا ہے بکری کا پکا ہوا گوشت کھانا رزق، سرسبزی اور آسودگی حاصل کرنا ہے، کچا گوشت کھانا یا اس سے کسی کو مارنا کسی کی غیبت کرنا ہے یا کسی کا گوشت کھا رہا ہے اور اپنی زبان سے اس کو اذیت پہنچا رہا ہے۔

بھنا ہوا گوشت کھانا ایسے رزق کے مترادف ہے جس میں غم اور تکلیف کا پہلو ہوگا کیونکہ اس میں مایوسی ہوگی اس کے گھر یا کسی جگہ کھال کھینچی ہوئی بکری داخل ہوئی تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس جگہ کوئی انسان مر جائے گا اور اگر بکری کے بعض اعضاء کی کھال کھینچی ہوئی ہے تو جس شخص کی طرف اس عضو کی نسبت ہوگی وہ مر جائے گا۔ بکری یا اس کا کوئی حصہ کھا لیا تو اس کی اولاد مر جائے گی بکری کا پہلو یا پسلی کھالی تو اس جگہ ایک عورت کی موت واقع ہوگی ان سب تعبیرات کا تعلق تازہ گوشت سے ہے بکری چرانا لوگوں پر حاکم ہونا ہے۔

نر بھیڑ: ۔کی تعبیر عزت اور خوش نصیبی ہے جیسے مینڈھے میں ذکر آیا ہے اور باقی جو چیزیں مینڈھے میں ذکر ہوئیں وہی یہاں بھی سامنے آئیں گی۔ بھیڑ کی تعبیر بکری کی طرح ہے مگر اس کی عزت بکری سے کم تر ہوگی بعض لوگوں نے کہا ہے کہ بھیڑ کی تعبیر گائے کی مانند ہے لیکن وہ سربلندی اور بھلائی میں گائے سے کم ہے بال کی تعبیر اون کی طرح ہے اس طرح اس کا گوبر اور دودھ بکری جیسا ہے لیکن عزت میں اس سے کم ہے بکری کا گوشت کھانے کی تعبیر بیماری کے مترادف ہے نامعلوم قصاب کو دیکھنے کی تعبیر فرشتہ اجل ہے قصاب سے گوشت خریدنا اور اپنے گھر پہنچانا اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ عضو جس کی طرف منسوب ہے اس میں تکلیف محسوس ہوگی قیمت دیدی تو اس مصیبت کا اسے اجر ملے گا قیمت نہیں دی تو وہ اس مصیبت سے گھبرائے گا اور اجر نہیں ملے گا جس نے دیکھا کہ وہ بکری بن گیا تو اسے خیر و برکت میسر ہوگی بکری کے اندرونی اجزا جگر چربی تلی دل اور گردے وغیرہ کی تعبیر ان اموال منقولہ سے ہے جن کو وہ نکال لے گا ان چیزوں کو کھانا یا مالک بن جانا اور کھانا نہیں تو اس کی تعبیر بھی مال ہے۔

ایلوویرا کی افادیت

تحریر:۔ کنول آفتاب (اسلام آباد)

دوسرے پودوں کے برعکس یہ پودا رات کو بھی آکسیجن کا اخراج کرتا ہے، جس سے آپ پرسکون نیند حاصل کر سکتے ہیں

قارئین تحفہ روحانیات! ماہ رواں میں آپکی خدمت میں ایلوویرا نامی ایک پودے سے متعلق معلومات کے کر حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ یہ معلوماتی مضمون آپ بھائیوں کو ضرور پسند آئیگا۔ ایلویرا دوسرے پودوں کے برعکس یہ پودا رات کو بھی آکسیجن کا اخراج کرتا ہے، جس سے آپ پرسکون نیند حاصل کر سکتے ہیں۔ ایلوویرا بنیادی طور پر ایک جنگلی پودا ہے جو دنیا بھر میں ہر موسم میں باآسانی اُگ جاتا ہے اسے اردو میں گھیکوار بھی کہا جاتا ہے۔

دنیائے طب میں ایلوویرا کو ایک اہم مقام حاصل ہے، چہرے کی کریموں، شیمپو، ہربل دواؤں، ٹانک اور شوگر کی دواؤں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے، ویسے تو اس کے بہت سارے فوائد ہیں تاہم ان میں سے چند یہ ہیں۔

بالوں کیلئے مفید ایلوویرا بالوں کے لیے کئی طرح تقویت کا باعث ہے، نہانے کے فوری بعد اس کا جیل لگا کر پانی سے بالوں کو دھو لینا بالوں کو نم اور صحت مند رکھنے کا باعث بنتا ہے، اسی طرح ایلوویرا کا استعمال گرتے ہوئے بالوں کو روکنے میں بھی معاون ہے، یہ سر کے اندر سے خشکی وسکری کا خاتمہ کر کے دماغ میں سکون پہنچانے کا کام کرتا ہے اور یوں بالوں کے خلیات کیلئے صحت مند ماحول بناتا ہے ساتھ ہی ایلوویرا کا جیل سر میں پیدا ہونے والے ایک ایسے جز کو بھی روکتا ہے جو بالوں کی جڑوں کو بند کر کے انہیں دوبارہ اگنے نہیں دیتا۔ حکماء سر کے بالوں کے لیے تجویز کرتے ہیں کہ ایلوویرا کو اپنے سر کی جلد پر رگڑیں یا ایلوویرا سے بنا شیمپو استعمال کریں۔

چہرے کیلئے بہترین

چہرے کی خشکی دور کرنے، جلد کو نرم وملائم کرنے کے جہاں بہت سے ٹوٹکے ہیں وہیں ایک ٹوٹکا یہ بھی ہے کہ بادام کا تیل، زیتون کا تیل، دودھ کی بالائی اور ایلوویرا جیل ہم وزن لے کر رات کو چہرے پر لگائیں اور صبح منہ دھولیں، آپکو چہرے میں واضح فرق محسوس ہوگا جلد میں موجود خشکی غائب ہو جائیگی، جھریوں کا خاتمہ ہو سکے گا ساتھ ہی جلد روشن، چمک دار اور نرم وملائم ہو جائیگی۔

جھلسی ہوئی جلد بہتر بنائیں

ایلوویرا جھلسی ہوئی جلد سے نجات دلانے کا بہترین طریقہ ہے، سونے سے پہلے ایلوویرا جیل کو جلد کے جلے ہوئے حصے پر لگائیں صبح اٹھ کے اچھی طرح دھولیں جب تک جلن ختم نہ ہو ایلوویرا کا استعمال جاری رکھیں۔

خاتمہ سینے کی جلن

گونا گوں صفات کا حامل گھیکوار کا یہ پودا خدمت خلق کے لیے کئی طرح سے حاضر ہے، یہ پودا سینے کی جلن کے خلاف مدافعت پیدا کرتا ہے جہاں یہ بالوں اور جلد کو جھلسنے سے بچانے میں مدد دیتا ہے وہیں یہ سینے کی جلن میں بھی بہترین دوا ہے، آدھا کپ ایلوویرا کا جوس کھانے سے پہلے استعمال کریں اور سینے کی جلن سے نجات پائیے۔

رات میں آکسیجن کا اخراج

دوسرے پودوں کے برعکس یہ پودا رات کو بھی آکسیجن کا اخراج کرتا ہے، جس سے آپ پرسکون نیند حاصل کر سکتے ہیں جبکہ اس پودے کو جلدی بیماریوں کو ٹھیک کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

سجاوٹ میں استعمال

ایلوویرا اور اس سے ملتے جلتے پودے گھروں یا دفاتر کی تزئین وآرائش کے مقاصد کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں، اکثر دفاتر میں نظر آنے والے پودے ایلوویرا یا ایلوفیملی کے پودے ہو سکتے ہیں۔

شوگر میں مفید

بابا عبدالرحمن اخبار فروش، نزد آسن سینما رحیم یار خان ادارہ روحانیات

شوگر کے مریض اکثر و بیشتر اس پودے کو اپنے گھروں میں رکھتے ہیں، چونکہ گھیکوار کا مادہ (جیل) اپنے اندر انتہائی کڑواہٹ رکھتا ہے اس لیے اس کا استعمال خون میں سے شکر کی مقدار فوری طور پر کم کر دیتا ہے، اس مقصد کیلئے بازاروں میں شوگر کے مریضوں کے لیے گھیکوار کا تیار حلوہ بھی ملتا ہے

ایلو ویرا

چہرے کے حسن میں نکھار لانے کیلئے لوگ صدیوں سے ایلو ویرا استعمال کرتے آرہے ہیں۔ عام طور پر ایلو ویرا کو سورج کی تمازت سے متاثرہ جلد کو درست حالت میں واپس لانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم حال ہی میں کی جانے والی تحقیق کے مطابق ایلو ویرا چہرے کی خوبصورتی میں اضافے کیلئے بیش بہا خزانے سے کسی صورت کم نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حسن کی نگہداشت کیلئے مصنوعات تیار کرنے والی بیشتر کمپنیاں ایلو ویرا استعمال کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں ماہرین صحت کی رائے کے مطابق ایلو ویرا کا جلد کی اوپری سطح پر استعمال بہتر ہے تاہم اس کا رس پینے سے صحت پر بڑی حد تک مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ماہرین کی جانب سے کی جانے والی تحقیق کے مطابق اس پودے میں قدرت نے 200 سے زائد ایکٹیو اسائوایسڈز، وٹامنز اور اینٹی آکسی ڈینٹس رکھے ہیں جو نا صرف جلد کی خوبصورتی میں اضافے کیلئے اہم ہیں بلکہ قلبی صحت کیلئے بہترین ہیں۔ ماہرین کی جانب سے ایلو ویرا کے جلد کی خوبصورتی میں اضافے کیلئے پانچ فوائد بتائے گئے ہیں۔

فائدہ نمبر 1:۔ ایلو ویرا جیل میک اپ صاف کرنے کیلئے بہترین میک اپ ریمور کے طور پر استعمال کی جاسکتی ہے۔ اس کیلئے آپ روئی یا ٹشو اور خالص ایلو ویرا جیل درکار ہوگا۔ روئی یا ٹشو کو ایلو ویرا جیل میں بھگو کر چہرے کا میک اپ صاف کریں اس کے باقاعدہ استعمال سے جلد جواں ہوگی۔

فائدہ نمبر 2:۔ 2009ء میں شائع ہونے والی ایک تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق 90 روز تک ایلو ویرا کا رس پینے سے چہرے کی جھریاں غائب ہو جاتی ہیں۔ پی سی اے سکن کی چیف سائنٹیفک آفیسر معروف ڈرماٹالوجسٹ جینفر لنڈر کا کہنا ہے کہ ایلو ویرا کا جوس استعمال کرنے سے جھریوں میں کمی اور چہرے کی جلد میں لچک کا اضافہ ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر 3:۔ ایلو ویرا جیل کا استعمال بھنوؤں کو اپنی جگہ پر سیٹ رکھنے کیلئے بہترین ہے۔

فائدہ نمبر 4:۔ اگر ایکنی یا دانوں کی وجہ سے جلد سرخ اور سوزش زدہ ہو جائے تو ایلو ویرا جیل کے باقاعدہ استعمال سے سرخی اور سوزش میں آرام ملتا ہے اور جلد تر و تازہ ہو جاتی ہے۔

فائدہ نمبر 5:۔ بہت سے لوگوں کو منہ کے اندرونی مسائل کا سامنا ہوتا ہے، جیسے اندرونی حصے میں سوجن یا مسوڑھوں سے خون آنا وغیرہ۔ 2014 میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق ایلو ویرا جیل کو منہ کے اندر لگانے سے منہ کی سوجن اور مسوڑھوں سے خون آنے جیسے مسائل سے چھٹکارہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ

اوکاڑہ میں الکریم نیوز ایجنسی کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

الکریم نیوز ایجنسی کچہری بازار اوکاڑہ 0345-7526419

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ

بہاولنگر میں المدینہ اسٹیشنری کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

المدینہ اسٹیشنری تحصیل بازار بہاولنگر 0303-0533893

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ

ڈیرہ اسماعیل خان میں جدہ نیوز ایجنسی کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

جدہ نیوز ایجنسی نوہانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ

میانوالی میں ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل سپلائرز کو اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائرز جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی 0300-5590640

گاجر سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات !سردیوں میں گاجر انتہائی سستی اور عام سبزی ہوتی ہے۔ ماہ رواں میں آپ کیلئے گاجر بارمفید معلومات لے کر حاضر ہوا ہوں ہر عام آدمی بھی اس مضمون سے مکمل طور پر فائدہ حاصل کر سکے گا۔

گاجر(Carrot)

گاجر کا تعلق ان سبزیوں کے گروپ سے ہے جن کی جڑوں کو بطور غذا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایسی سبزی ہے جو پوری دنیا میں مقبولیت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔ اس کے پتے بھی غذائیت سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ گاجر میں پروٹین معدنیات اور وٹامنز بہت زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ گاجر اپنی گوناگوں خوبیوں کی وجہ سے کسی طرح بھی کا ڈلیور آئل یا ریڈ پام آئل سے کم نہیں ہے۔ چونکہ کاڈلیور آئل اور ریڈ پام آئل اتنے مہنگے ہوتے ہیں کہ عام آدمی انہیں خرید کر استعمال نہیں کر سکتا۔ گاجر جس میں وٹامن اے بکثرت پایا جاتا ہے۔ غریب سے غریب لوگ بھی باسانی خرید کر استعمال کر سکتے ہیں۔ دودھ میں بھی وٹامن اے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن یہ بھی ہر کسی کو میسر نہیں آتا۔ گاجر میں اتنا زیادہ کیروٹین نامی مادہ پایا جاتا ہے جو ہمارے جسم میں جا کر جگر کے ذریعہ وٹامن اے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ شاید اسی مادے کی وجہ سے انگریزی میں گاجر کو کیرٹ کہا جاتا ہے۔ گاجر میں پائے جانے والے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں اس کی بیرونی سطح کے قریب ہوتے ہیں۔ اسی لئے گاجر کو صرف دھو کر اور اچھی طرح صاف کر کے استعمال کر لیا جائے۔ اس کو چھیلنے سے معدنی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ گاجر کا ابتداء وطن ایشیا خیال کیا جاتا ہے۔ آج کل اس کی کاشت پورے برصغیر، فلپائن، جنوبی امریکہ، ملائیشیا، جزائر کریبین کے علاوہ انڈونیشیا، وسطی مشرقی اور مغربی افریقہ میں کی جاتی ہے۔ گاجر کی فصل مقبوضہ کشمیر (سرینگر، جموں) یورپ، شمالی افریقہ اور بحر روم کے ساحلی علاقوں میں بھی خوب ہوتی ہے۔ گاجر کا رس، گاجر کی جڑ اور گاجر کے پتے تینوں اپنی اپنی خوبیوں کی وجہ سے غذا اور دوا کے طور پر استعمال ہوتے چلے آتے ہیں۔ گاجر کو پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے اسے کچا استعمال کیا جائے تو بہتر ہے۔ غذا کے طور پر استعمال کرنے کے لئے اسے دھیمی آنچ پر تھوڑی دیر یک پکایا جائے اور اس کی بھاپ کو ضائع نہ ہونے دیا جائے تو اس میں پائے جانے والے وٹامن زیادہ ضائع نہیں ہوتے۔ اس کے پکانے کا بہترین طریقہ ہے کہ پکنے کے دوران گاجروں کو ہوا نہ لگنے دی جائے۔ اگر کھلے یا چوڑے منہ کے برتن میں گاجروں کو پکایا جائے تو ان کے وٹامن میں بالکل تیار ہو جاتے ہیں۔

غذائی اہمیت :۔غذائی اعتبار سے گاجر وٹامن اے کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اس میں ایک خاص قسم کا مادہ پایا جاتا ہے۔ جسے کیروٹین وٹامن اے کی ابتدائی مشکل ہے۔ یہ ایسا وٹامن ہے جو جسم میں جمع رہتا ہے۔ اس کے علاوہ گاجر میں سوڈیم، سلفر، کلورین اور آیوڈین بھی پائی جاتی ہے۔ گاجر میں پائے جانے والے یہ معدنی اجزاء گاجر کی بیرونی سطح کے قریب ہوتے ہیں۔ اسی لئے گاجر کو چھیلنا نہیں چاہئے۔ کیونکہ چھیلنے سے یہ معدنی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ گاجر کے 100 گرام خوردنی حصہ میں رطوبت 86.0 فیصد، چکنائی 0.2 فیصد، کاربوہائیڈریٹس 10.6 فیصد، ریشے 1.2 فیصد، پروٹین 0.9 فیصد اور معدنی اجزاء 1.1 فیصد پائے جاتے ہیں۔ جبکہ گاجر 100 گرام میں پائے جانے والے معدنی اور حیاتینی اجزء کی تفصیل یہ ہے۔ فاسفورس 530 ملی گرام، آئرن 2.2 ملی گرام، کیلشیم 80 ملی گرام، وٹامن سی 3 ملی گرام اور کچھ مقدار وٹامن بی ہوتی ہے۔ 100 گرام گاجر وٹامن اے 2000 سے 4300 یونٹ تک ہوت ہیں۔

گاجر کے قدرتی فائدے اور شفابخش اجزاء :۔گاجر ایسی سبزی ہے جس میں کھاری اجزاء وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ یہ کھاری اجزاء خون کو صاف کرنے کے ساتھ ساتھ قوی بناتے ہیں گاجر استعمال کرنے سے پورے جسم کی نشوونما ہوتی ہے۔ گاجر جسم میں تیزابیت اور کھار کا توازن برقرار رکھنے میں معاونت کرتی ہے۔ گاجر کو جوس نہ صرف بچوں کے لئے مفید ہے بلکہ یہ جوس بڑوں کو بھی بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ گاجر جوس پینے سے آنکھوں کو توانائی ملتی ہے۔ بینائی تیز ہوتی ہے۔ گاجر کا جوس جسم کے خلیوں میں پائی جانے والی نسیوں کو صحت مند رکھنے کے ساتھ ساتھ جلد کو تازگی اور فرحت بخشتا ہے۔ حمل کے ابتدائی دنوں میں خواتین کو گاجر کا جوس استعمال نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اس کے پینے سے پیشاب کی نالیوں کی دیواروں پر زہریلا پن پیدا ہو جاتا ہے جو اسقاط حمل کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ نازک کمزور بچوں کو کھانا کھانے سے پہلے دس گرام گاجر کا جوس خالی معدہ پلا دیا جائے چند دنوں میں وہ تندرست اور طاقتور بن جاتے ہیں۔ اسی طرح ننھے منے بچوں کو صبح وشام گاجر کا جوس پانی ملا کر پلایا جائے تو ان کی صحت پر بہت اثر مرتب ہوتا ہے۔ جن بچوں کی کمزوری کی وجہ کا پتہ نہ چلتا ہوا، انہیں 5 گرام گاجر جوس 5 گرام گرم پانی میں ملا کر روزانہ تین بار پلاتے رہنے سے ان کی صحت پر نمایا اثر پڑتا ہے۔ بچوں کے ساتھ ساتھ ان ماؤں کو بھی گاجر کا جوس پلائیں اور گاجریں کھلائیں۔ چند دنوں میں دونوں کی صحت اچھی ہو جائے گی۔ گاجر کے جوس کی اتنی زیادہ خوبیاں ہیں کہ اسے کرشماتی مشروب کہا جاتا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد ایک گاجر چبا چبا کر کھانے سے خوراک کے ذریعے منہ میں پہنچنے والے مضر جراثیم ہلاک ہو جاتے

ہیں۔ گاجر کھانے سے دانتوں کی صفائی ہوتی ہے اور دانتوں کے خلاؤں میں اٹکے ہوئے خوراک کے ذرات بھی نکل جاتے ہیں۔ دانت گرنا بند ہو جاتے ہیں۔ اگر مسوڑھوں سے خون رستا رہتا ہو تو وہ بھی رک جاتا ہے۔ گاجر چبا چبا کر کھاتے رہنے سے لعاب دہن زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے عمل انہضام میں تیزی آجاتی ہے۔ معدے کو ضروری انزائمز معدنی اجزاء اور وٹامن حاصل ہوتے ہیں۔ گاجر ایسی غذا ہے کہ جس کا باقاعدہ استعمال کرنے سے معدے السر ختم ہو جاتا ہے۔ ہاضمے سے متعلق دیگر امراض جنم نہیں لیتے۔ اس کے علاوہ گاجر کا جوس انتڑیوں کے قولنج، بڑی آنت کی سوزش، اپنڈے، سائٹس، السر اور بدہضمی کا شافع علاج ہے۔ گاجر ہر قسمی طفیلیوں جراثیم، بیکٹیریا وغیرہ کی دشمن ہے۔ اس کے استعمال سے بچوں کے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ صبح کے وقت ایک کپ کدوش کی ہوئی گاجر بچوں کو کھلانے سے پیٹ کے کیڑے بڑی سرعت کے ساتھ پاخانہ کے راستے نکل جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے کدوکش کی گاجروں کے ساتھ کوئی اور چیز شامل نہیں کرنی چاہئے۔ گاجر کے جوس کے ساتھ پالک کا جوس ملا کر پینے سے قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ اگر اس میں تھوڑا سا لیموں کا رس بھی شامل کر لیا جائے تو یہ سونے پر سہاگے کا کام کرتا ہے۔ پالک کے جوس کی یہ خوبی ہے کہ وہ انتڑیوں کو صاف کرتا ہے۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ یہ مشتر کہ فوری اثر نہیں دکھاتا بلکہ دو ماہ تک متواتر استعمال کرتے رہنے سے انتڑیاں اجابت کا عمل باقاعدہ شروع کر دیتی ہیں۔ اس مقصد کے لئے مشروب تیار کرنے کے لئے 250 ملی لٹر گاجر کے جوس میں 50 ملی لٹر پالک کا جوس اور چند قطرے لیموں کا رس ملانا بہتر رہتا ہے۔ صبح کے وقت سات عدد مغز بادام کھا کر اوپر سے 100 ملی لٹر گاجر جوس 500 ملی لٹر دودھ ملا کر پینے سے دماغ کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی صورت میں 4 سے 6 گرام تک گاجر کا بیج کھانے سے اعصاب کی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ گاجر کے پتوں کا رس درد شقیقہ کا بہترین علاج ہے۔ گاجر کے پتوں کو گرم کر کے پٹل کر رس نکالیں۔ اس رس کے چند قطرے مریض کے ناک اور کان میں ڈالیں۔ مریض کو فوراً چھینکیں آئیں گی اور درد شقیقہ کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ گاجر مقوی قلب ہے۔ خفقان کی حالت میں چار چھ گاجروں کو بھون کا ان کا بیرونی چھلکا اتار دیں اور انہیں کاٹ کر اندرونی گٹھلی بھی نکال لیں۔ چینی کے پلیٹ میں ڈال کر رات بھر باہر اوس (شبنم) میں رکھ دیں۔ صبح ان گاجروں میں تھوڑا سا عرق گلاب اور مصری ملا کر استعمال کرنے سے امراض قلب کی صورت میں بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ گاجر کے استعمال سے جگر کا سدہ کھل جاتا ہے۔ سرکہ سے تیار کئے ہوئے گاجر کے اچار سے ورم طحال بھی تحلیل ہو جاتا ہے۔ کچی گاجر زرخیزی کے لئے بہترین غذا ہے۔ کبھی کبھی صرف گاجریں کھاتے رہنے سے بانجھ پن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ بانجھ پن کی ایک وجہ سے مسلسل ایسا کھانا کھاتے رہنا ہے۔ جس کے انزائمز پکانے کے عمل میں ضائع ہو چکے ہوں نیز تلی ہوئی غذاؤں میں بھی انزائمز ختم ہو جاتے ہیں۔ گاجر کا جوس اسہال کا قدرتی علاج ہے۔ اس کے پینے سے پانی کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ جسم میں پیدا شدہ نمکیات جیسے کیلشیم، سلفر، سوڈیم، پوٹاشیم کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ گاجر کا جوس پینے سے پیکٹین حاصل ہوتا ہے۔ جس سے آنتوں کی سوزش ختم ہو جاتی ہے۔ بیکٹیریا کی افزائش اور نشوونما رک جاتی ہے۔ قے رک جاتی ہے۔ بچوں کیلئے گاجر کا جوس بہت ہی فائدہ مند ہے۔

مشروب تیار کرنے کا طریقہ : ۔آدھا کو گاجروں کو 150 ملی لیٹر پانی میں اتنا اُبالیں کہ گاجریں نرم ہو جائیں۔ تھوڑی دیر تک ٹھنڈا ہونے دیں، پھر پانی کو نتھار لیں۔ اس پانی میں آدھا چمچہ نمک ملا لیں۔ اسہال کے مریضوں کو یہ مشروب آدھے گھنٹے بعد دیتے رہیں۔

گاجر کی کانجی

جگر اور قوت ہاضمہ کیلئے کانجی کی گاجر بہت ہی فائدہ مند ہوتی ہے۔ یہ کانجی قبض کشا ہونے کے ساتھ ساتھ مصفی خون اور دل و دماغ کو قوت پہنچاتی ہے۔ کانجی بنانے میں نہ تو زیادہ خرچ آتا ہے اور نہ ہی زیادہ محنت کرنا پڑتی ہے۔ بہترین کانجی بنانے کا طریقہ درج ذیل ہے: تازہ کالی گاجر تین کلو، چقندر ایک کلو، پانی دس لٹر، بابیک پسی ہوئی رائی 250 گرام، نمک 125 گرام، سرخ مرچ 15 سے 20 گرام، زیرہ سفید بھنا اور پسا ہوا 20 گرام۔ گاجروں اور چقندر کو پانی سے دھو کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔ ایک مٹی کا گھڑا لے کر گاجریں اور چقندر گھڑے میں ڈال دیں۔ نمک، مرچ، زیرہ، رائی بھی گھڑے میں ڈال کر ہلائیں تاکہ مصالحہ گاجروں میں مل جائے اوپر سے دس لٹر پانی میں گرم کر کے گھڑے میں ڈال کر منہ کسی کپڑے سے بند کر کے رکھ دیں۔ تین چار دنوں کے بعد سرخ رنگ کی کانجی تیار ہو جائے گی۔ اس کو چھان کر پینا چاہئے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض اگر یہ کانجی متواتر استعمال کرتے رہیں تو ان کا بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس کانجی میں نباتاتی آیوڈین کھلی ہوئی ہوتی ہے جو فشار خون کے عارضہ میں مبتلا مریضوں کے لئے مفید رہتی ہے۔ یرقان کے مریض بھی کانجی پیتے رہنے سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ جب کی تلی بڑھ چکی ہو اس کانجی کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔ یہ کانجی بہترین مصفی خون ہے۔ بہت زیادہ ہضم ہے اور قبض کشا ہے۔ اس میں بہت زیادہ فولاد ہوتی ہے۔ جو جسم انسانی میں تازہ خون پیدا کرتی ہے۔ گاجر اور چقندر ایک ہی موسم میں پیدا ہوتے ہیں موسم کے دوران ان کو کاٹ کر خشک کر کے محفوظ کر لیا جائے تو بوقت ضرورت جب چاہیں کانجی تیار کر سکتے ہیں۔

گاجر کا اچار:۔ گاجر کا اچار مقوی معدہ اور ہاضم ہوتا ہے جن کا جگر بڑھا ہوا تو یا تلی (طحال) بڑھی ہوئی تو انہیں گاجر کا اچار استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ گاجر کا اچار بنانا ایسا مشکل بھی نہیں ہے۔ سب سے پہلے گاجروں کو پانی سے دھو کر خشک کر لیں۔ پھر انہیں لمبائی کے رخ چار، چھ چھ حصے کر لیں۔ چند منٹ پانی میں ڈال کر گرم کریں تاکہ گاجریں قدرے نرم ہو جائیں۔ ان کو پانی سے نکال کر ہوا میں پھیلا کر رکھ دیں تاکہ ان کا پانی خشک ہو جائے۔ اب ان گاجروں پر نمک مرچ اور دیگر مصالحہ کر کسی برتن میں ڈال کر رکھ دیں۔ دن میں چار پانچ بار ہلاتے رہیں جب ان کی رطوبت (نمی) خشک ہو جائے تو اس میں اتنا سرکہ ڈالیں کہ گاجریں ڈوب جائیں۔ پانچ سات دنوں میں اعلیٰ قسم کی چار تیا ہو جائے گا۔

برج حمل ♈

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ لڑائی جھگڑے سے بچئے۔ دوسروں کو سمجھنے سے آپ کی وفاداریوں اور وقار میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ اپنی عقل و فراست سے لوگوں کو دوست بنا سکتے ہیں آپ کیلئے یہ ہفتہ اچھا ثابت نہ ہوگا۔ بغیر کسی خرچ کے اپنے گھر کے ماحول کو ٹھیک کر سکتے ہیں۔ ماتحت حضرات اور حکام بالا کا تعاون شامل حال رہیگا مگر کسی معاملہ میں بھی دوستوں پر بھروسہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ ازدواجی امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی بعض غیر شادی شدہ حضرات حسب منشاء شادی کرانے میں کامیاب ہونگے اور اکثر یہ شادیاں **عشق و محبت** کا نتیجہ ہوگی۔

(9 تا 16) راز کے پوشیدہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ **مخالفت کا اندیشہ** رہے گا۔ بعض غیر شادی شدہ حضرات کی شادی حسب منشاء ہو گی۔ ماتحتوں اور حکام بالا کا تعاون شامل حال رہے گا۔ آمدنی کے ساتھ ساتھ اخراجات کی زیادتی بھی ہوگی جس پر قابو پانے کی ضرورت ہے ورنہ زیر باری کا خدشہ ہے۔ صحت جسمانی بھی چند روز خراب رہیگی۔ اندرون خانہ ہر طرح سے خیر و عافیت رہیگی **قرضدار** کا قرض صالح نیت کے باوجود ادا نہ ہو سکے گا۔

(17 تا 25) نظر عطارد و تسدیس مریخ کے اثرات کے تحت **ایک مرض** جو کہ عرصہ دراز سے آپ کیلئے پریشانیوں کا باعث بنا ہوا تھا اگر اس ہفتہ اُس مرض سے نجات کیلئے باقاعدہ طور پر علاج شروع کیا جائے تو بہت جلد آپ صحت یاب ہو سکتے ہیں۔ **شریک حیات** کا تعاون حاصل رہیگا۔ **صاحب اولاد** افراد بچوں کی جانب خصوصی توجہ دیں خاص طور سے اُن کے تعلیم و تربیت کے معاملات باریک بینی سے دیکھیں۔

(26 تا 31) حکام بالا سے مراسم کشیدہ نظر آتے ہیں جو باعث نقصان ہو سکتے ہیں لہذا انہیں کسی طرح بھی موقعہ نہ دیں۔ قانونی امور میں 28 تاریخ کے بعد فتح ہوگی۔ مخالفین زیر رہینگے۔ اس ہفتہ مستقبل کو روشن بنانے کی صورت پیدا ہوگی۔ جن سے خوشی نصیب ہوگی۔ **قرضدار کا قرض** بھی کچھ نہ کچھ ادا ہو سکے گا اور قرض خواہ بھی اپنے مقروض سے کچھ نہ کچھ ضرور وصول کر سکے گا۔ اس ہفتہ کے شروع میں اخراجات بڑھیں گے۔

برج ثور ♉

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں بزرگوں کے مشورے رکے ہوئے کاموں کی تکمیل کر سکیں گے سکوں تب حاصل ہوگا جب کوئی خوشخبری سننے کا موقع ملے گا۔ اس ہفتہ اپنی صحت جسمانی کے متعلق تشویش رہے گی اور اہم امور کے سلسلے میں مصروفیات بڑھے گی مستقبل کے متعلق اہم فیصلہ کر سکیں گے۔ کاروباری معاہدے کامیابی کے ساتھ طے کر سکیں گے۔ دوست بنا سکیں گے طالب علم اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں ٹریفک کے معلات احتیاط طلب ہونگے۔

(9 تا 16) سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ نجی معاملات طے کر سکیں گے کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے ہو سکے گا۔ کاروباری معاملات میں مصروفیات بڑھے گی۔ روپے پیسے کے معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی امور میں احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ ان دنوں پُر فضاء مقام پر جانے کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ شریک حیات کے صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں چوٹ کا خدشہ ہے۔ گھریلو اور کاروباری معاملات میں ذہنی دباؤ کے بڑھنے کا اندیشہ ہے مشکلات سے نجات حاصل کر سکیں گے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے اختیارات اور روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کر کے اور مقاصد کے حصول میں ضبط نفس اور **صبر و تحمل** سے کام لے کر بہترین نتائج حاصل کر سکیں گے۔ مشتری کی وجہ سے زائد ذمہ داریاں آپڑیں گی۔ ایسے میں خاص طور پر ان باتوں پر تحمل کریں تاہم اس سال چونکہ مشتری کی واقفیت حاصل ہوگی اس لیے **زائد ذمہ داریاں** آپکو بوجھ محسوس نہیں ہو نگی۔ اس ہفتہ صبر و تحمل اور ثابت قدمی کے ذریعے جو کچھ حاصل کر چکے ہیں اسے مضبوطی سے اپنے ہاتھ میں رکھتے ہوئے رکاوٹوں پر قابو پانے میں مدد دیگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ نظر کے تحت نظام ہضم میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔ چوری کا اندیشہ ہے قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل دروازے اور تالے اچھی طرح چیک کر لیں۔ اپنے علاوہ کسی پر بھی اعتبار کرنا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

